الله
رسول
محمد

قد افلح من تزکی وذکر اسم ربہ فصلی

القرآن الکریم

ترجمہ

وہ فلاح پا گیا جس نے تزکیہ کر لیا اور اپنے رب کے نام کا ذکر کیا پھر نماز کا پابند ہو گیا۔

جنوری
2010ء

المُجَاهِدُ مَنْ جَاهَدَ نَفْسَهٗ مُجاہد وہ ہے جو اپنے نفس کے خلاف جہاد کرے (الحدیث)

ماہنامہ

المُرشِد

اطاعت، اللہ کی عطا ہوتی ہے۔ کسی کو نواز دے تو اسے توفیقِ عمل دے دیتا ہے اور جب خفا ہوتا ہے تو توفیقِ اطاعت چھین لیتا ہے۔

امیر محمد اکرم اعوان

ماہنامہ المرشد

بانی: حضرت العلام مولانا اللہ یار خانؒ مجددِ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ

سرپرست: حضرت مولانا محمد اکرم اعوان مدظلہ، شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ

جنوری 2010ء محرم الحرام/صفر المکرّم

جلد نمبر 31 | شمارہ نمبر 5

مدیر: چوہدری محمد اسلم

جوائنٹ ایڈیٹر: ضمیر حیدر

سرکولیشن منیجر: رانا جاوید احمد

کمپیوٹر ڈیزائننگ اینڈ لے آؤٹ: پلاٹینم گرافکس، لاہور 0300-4339894

قیمت فی شمارہ 25 روپے

PS/CPL#15

فہرست

اداریہ	محمد اسلم	3
کلام شیخ	سیماب اویسی	4
اقوالِ شیخ	انتخاب	5
اطیعو اللہ واطیعو الرسول	امیر محمد اکرم اعوان	7
ایمان باللہ اور ایمان بالرسالت	امیر محمد اکرم اعوان	20
پیوستہ رہ شجر سے اُمید بہار رکھ	امیر محمد اکرم اعوان	29
سوال و جواب	امیر محمد اکرم اعوان	36
رؤیت ہلال کی شرعی حقیقت	امیر محمد اکرم اعوان	41
اولیاء اللہ اور ولایت	امیر محمد اکرم اعوان	46
Loyalty	امیر محمد اکرم اعوان	53
Bai'at	امیر محمد اکرم اعوان	56

بدل اشتراک

پاکستان	250 روپے سالانہ
بھارت/سری لنکا/بنگلہ دیش	1200 روپے
مشرق وسطیٰ کے ممالک	100 ریال
برطانیہ۔ یورپ	35 اسٹرلنگ پاؤنڈ
امریکہ	60 امریکن ڈالر
فار ایسٹ اور کینیڈا	60 امریکی ڈالر

انتخاب جدید پریس۔ لاہور 042-36314365 ناشر۔ عبدالقدیر اعوان

سرکولیشن آفس= ماہنامہ المرشد، اویسیہ سوسائٹی، کالج روڈ، ڈاکخانہ ٹاؤن شپ، لاہور، فون 042-35182727

رابطہ آفس= ماہنامہ المرشد، اے۔ٹی۔ ایم بلڈنگ، پل کوریاں، سمندری روڈ، فیصل آباد، فون 041-2668819 Mob: 0346-5207282

"قرآن حکیم کو اس نیت سے پڑھو کہ میرا پروردگار مجھ سے باتیں کر رہا ہے"۔

اچھوتے انداز اور منفرد طرز تحریر کی حامل

تفسیر قرآن حکیم اسرار التنزیل سے اقتباس

شکر کی حقیقت

شکر کی حقیقت یہ ہے کہ اپنے اعمال و کردار میں اللہ کی اطاعت کیلئے بھرپور کوشش کرے۔ فرائض و سنن اور واجبات یعنی عبادات کے ساتھ معاملات پر کڑی نگاہ رکھے۔ کمانے کا طریقہ شرعی ہو تو خرچ میں بھی شرعی حدود ملحوظ رکھے۔ اس سارے عمل کے ساتھ زبان سے بھی شکر ادا کرے۔ تو یقیناً نعمتوں میں زیادتی ہوگی۔ اور یہ زیادتی مقدار کی بھی ہوسکتی ہے اور وقت کی بھی لیکن اگر تم لوگوں نے ناشکری کا راستہ اپنایا جس میں سب سے بڑی ناشکری عقیدے کی خرابی ہے اور پھر وہی عمل کی خرابی تو یاد رکھو میرے عذاب بھی بہت سخت ہیں اور ناشکری اگر عقائد میں نہ بھی ہو تو اعمال کی سستی یا کجی گرفتارِ بلا کرسکتی ہے۔ خواہ نعمت کے زوال کا سبب بن جائے یا اسکے استعمال میں رکاوٹ آجائے اور آخرت کے عذاب کا باعث بن سکتی ہے۔

اداریہ

ملاوٹ کی لعنت

ہمارے وطن عزیز کو کئی برسوں سے گونا گوں مسائل کا سامنا ہے۔ بدامنی، مہنگائی، بے روزگاری، تعلیم اور علاج کی غیر معیاری اور ناکافی سہولیات نے پوری قوم کو پریشان کر رکھا ہے، دہشت گردی ان مسائل سے بھی بڑا مسئلہ ہے۔ ہر روز کسی نہ کسی شہر میں خودکش دھماکے ہو رہے ہیں جن کے نتیجے میں بے گناہ لوگ شہید ہوتے ہیں۔ آج پوری قوم شدید خوف و ہراس میں مبتلا ہے۔ مشکلات میں گھری اس قوم کا ایک مسئلہ ملاوٹ بھی ہے۔ دینی عقائد اور نظریات میں ملاوٹ کی کہانی تو بہت لمبی ہے ہمارے ہاں دنیاوی استعمال کی اشیا میں ملاوٹ بھی ایک روایت کا درجہ اختیار کر چکی ہے بلکہ یہ ایک شرمناک حقیقت ہے کہ ہمارے ملک کے ملاوٹ مافیا زنے اس بہیمانہ حرکت کو ایک ''فن'' بنا دیا ہے۔ پاکستان دنیا کا واحد ملک ہے جہاں دو نمبر مصنوعات تیار کرنے والے اپنے کام میں مہارت پر کھلم کھلا فخر کا اظہار کرتے ہیں۔ ہمارے وطن میں ہر چیز اور ہر مال کا ''دو نمبر نمونہ'' بھی تیار کیا جاتا ہے جو اصل چیز سے بھی زیادہ فروخت ہوتا ہے۔ اشیائے خورد و نوش اور ادوایات تک میں ملاوٹ ہو رہی ہے۔ خالص خوراک کا حصول ایک خواب بن کر رہ گیا ہے۔ دودھ میں پانی کی ملاوٹ تو اب بہت پرانی بات ہو گئی ہے۔ اب دودھ میں پاؤڈر اور خشک دودھ کی ملاوٹ ہو رہی ہے۔ گوالے دودھ میں ملاوٹ کا خود اعتراف کرتے ہیں بلکہ انہوں نے ملاوٹ کی شرح کے اعتبار سے ہی دودھ کے نرخ بھی مقرر کر رکھے ہیں۔ سرخ مرچوں اور مسالہ جات میں اتنی ملاوٹ کی جاتی ہے کہ ان اشیا کا اصل جوہر ہی بدل جاتا ہے ہمارے بازاروں میں بیسیوں قسم کا شہد ملتا ہے کسی کا ریٹ 300 روپے ہے اور کسی کا 600 روپے۔ گاہک بے چارہ یہ سوچتا رہ جاتا ہے کہ اگر خالص شہد 600 روپے فی کلو ہے تو پھر 300 روپے فی کلو میں کیا چیز فروخت کی جا رہی ہے۔ اسی طرح دیسی گھی بھی نایاب ہو چکا ہے۔ سستے ڈالڈا گھی میں کیمیکل کی کچھ مقدار ملا کر اسے دیسی گھی کے طور پر مہنگے داموں فروخت کیا جاتا ہے۔ حد تو یہ ہے کہ جان بچانے والی ادوایات میں بھی ملاوٹ ہو رہی ہے جس کی وجہ سے آئی سی یو میں پڑے مریض شفایاب ہونے کے بجائے اپنی زندگیاں ہار جاتے ہیں۔ ملٹی کمپنیاں منرل واٹر اور دودھ کے نام پر مہنگے داموں جو مصنوعات فروخت کر رہی ہیں، ان میں بھی ملاوٹ کی جاتی ہے۔

صورت حال یہاں تک جا پہنچی ہے کہ گزشتہ دنوں ہائیکورٹ میں ایک مقدمے کی سماعت کے دوران حکم دیا گیا کہ منرل واٹر کی ''اصلیت'' جاننے کے لئے اس کا ٹیسٹ بیرون ملک سے کرایا جائے یعنی پاکستان میں ایک بھی ایسی لیبارٹری نہیں جس پر عدالت عالیہ کو اعتماد ہو۔ ہم ملاوٹ زدہ ادوایات استعمال کرتے ہیں۔ ملاوٹ مافیا ہماری زندگیوں کے ساتھ کھیل رہا ہے ملاوٹ زدہ خوراک کی وجہ سے جگر اور معدے کی بیماریاں، مختلف قسم کا کینسر اور دیگر امراض پھیل رہی ہیں۔ مال و دولت کی ہوس میں مسلمان ہونے کے دعوے دار لوگ فرمان نبوی بھی فراموش کر دیتے ہیں کہ ''جس نے ملاوٹ کی وہ ہم میں سے نہیں'' جہاں تک حکومت کا تعلق ہے تو وہ دیگر امور کی طرح اس اہم مسئلے کی طرف سے بھی اپنی آنکھیں بند کئے ہوئے ہیں۔ ملاوٹ روکنے کے لئے محکمہ خوراک فوڈ انسپکٹر کو متعین کرتا ہے لیکن ہمارے ملک میں معیاری لیبارٹریز موجود نہیں۔ حکومت نے اس مسئلے کو کبھی اپنی ترجیحات میں شامل نہیں کیا۔

ترقی یافتہ ممالک کی حکومتیں اپنے عوام کو ملاوٹ سے پاک خوراک مہیا کرتی ہیں۔ یورپی ممالک کے ائیر پورٹس اور بندرگاہوں پر پہنچنے والی خوراک کو چیک کرنے کے لئے انہی مقامات پر معیاری لیبارٹریز بنا دی گئی ہے۔ وہ لوگ غیر معیاری اور مضر صحت خوراک کو اپنے ملکوں میں داخل ہی نہیں ہونے دیتے۔ ایک طرف حفظان صحت کی اتنی فکر ہے اور دوسری طرف ہماری حکومت ہے جو اس معاملے میں خاموش تماشائی کا کردار ادا کرتی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت پاکستان اپنی ذمہ داری محسوس کرے اور ملاوٹ مافیا کو سترہ کروڑ عوام کی صحت سے کھیلنے کی اجازت نہ دی جائے۔ جس قوم کے عقائد میں ملاوٹ ہو، خوراک میسر نہ ہو۔ وہ دشمن کا کیا مقابلہ کر سکے گی نہ ہی ترقی کی دوڑ میں دیگر اقوام کی برابری کر پائے گی۔ حکومت کو چاہیئے کہ تمام شہروں اور قصبوں میں معیاری لیبارٹریز قائم کی جائیں اور خوراک اور ادوایات کی چیکنگ کے نظام کو مؤثر بنایا جائے تا کہ ہم اور ہماری آئندہ نسلیں ملاوٹ کے بُرے اثرات سے محفوظ رہ سکیں۔

محمد اسلم

کلامِ شیخ

سیماب اویسی

امیر محمد اکرم اعوان، سیماب اویسی کے قلمی نام سے شاعری کرتے ہیں۔ آپ کے کلام کے مندرجہ ذیل مجموعے شائع ہو چکے ہیں۔

گردِ سفر — نشانِ منزل

کونسی ایسی بات ہوئی ہے — سوچ سمندر

متاعِ فقیر — آس جزیرہ — دیدہ تر

آپ کی شاعری کیا ہے؟

فرماتے ہیں۔

"میری شاعری میری کیفیات اور میرے جذبات کے اظہار کے علاوہ کچھ نہیں۔ یہ اشعار کیسے ہیں؟ ان کا معیار کیا ہے بلکہ یوں کہیئے کہ یہ اشعار ہیں یا نہیں، اس کی مجھے خبر نہیں، اس لئے کہ میں نے یہ فن سیکھا ہے اور نہ اس کے اسرار و رموز۔ میں نے بہت سیکھا یا کم، سب کچھ محض اپنے عظیم شیخ کی توجہ اور نگاہ کا حاصل ہے۔

اگر ان اشعار میں واقعی کوئی کمی نظر آئے تو یہ اللہ کی عطا اور شیخ المکرم کا فیضِ نظر ہے اور اس کے سارے سقم کی ذمہ داری میری کمزوریوں کا نتیجہ ہے۔

اللہ کرے میں جو چاہتا ہوں وہ کہہ سکا ہوں اور جو کہہ گیا ہوں وہ کسی کی سمجھ میں آسکے تو میں نے اپنا مقصد حاصل کر لیا کہ بندہ صرف بات پہنچا سکتا ہے باقی سب توفیقیں اللہ کو ہیں۔"

ایک جھلک

اثاثہ ہے مومن کا الفت نبی ﷺ کی
چلو نعت اک آج لکھیں نئی سی
محمد ﷺ کی عظمت کا جھنڈا اُٹھاؤ
کوئی نعت خون سے بھی لکھ کر دکھاؤ
کٹھن ہم پہ کتنی گھڑی آگئی ہے
مسلمان کے خون کی ندی بہہ رہی ہے
زمانہ نئی چال چلنے لگا ہے
کہ یہ اژدھا زہر اُگلنے لگا ہے
چلا ہے یہ مسلم کو مغلوب کرنے
چلا دینِ حق کو ہے مرعوب کرنے
ابوبکرؓ سا عزم پھر لے کے اُٹھو
شجاعت کو فاروقؓ سے لے کے اُٹھو
تم عثمانؓ و حیدرؓ سا جذبہ دکھاؤ
صحابہؓ کی سنت کو پھر لے کے اُٹھو
اُٹھو ظالموں پر تو بجلی گرا دو
ہے اسلام زندہ یہ سب کو بتا دو
بتا دو کہ تم دینِ حق کے امین ہو
شہیدانِ حق کے تمہیں جانشین ہو
یہ باطل کی شوکت مٹا دے جہاں سے
بڑھے روشنی پھر تمہاری اذاں سے
گرے سَر جو کٹ کر زمانہ کہے یہ
میں پہچانتا ہوں کہ سیماب ہے یہ

اقوالِ شیخ

☆ جن چیزوں کو ہم ایجادات کا نام دیتے ہیں۔ دراصل انکا وجود پہلے سے موجود ہوتا ہے اس وجود میں وہ کام کرنے کی صلاحیت رب العالمین نے پہلے سے سمودی ہوتی ہے۔ جسے ہم موجد کہتے ہیں یا جس کے متعلق ہمارا گمان ہوتا ہے کہ یہ فلاں شخص کی ایجاد ہے۔ اسکی محنت اتنی ہوتی ہے کہ اس موضوع پر محنت کرکے، مجاہدہ کرکے، تحقیق کرکے وہ طریقہ دریافت کرلیا جس طریقے سے اُس طاقت کو یا اُس نعمت کو انسان استعمال کرسکتا ہے مسلمان ہونے کا یہ مطلب نہیں کہ اللہ نے جو طریقہ بنایا ہے اسے اختیار ہی نہ کیا جائے۔ مسلمان ہونے کا مطلب یہ ہے کہ جو نعمت وہ لے گا اس میں مزید احساسِ تشکر پیدا کرکے، اسے مزید اللہ کے قریب لے جائے۔ وہ صرف اس دنیا میں نہیں بلکہ آخرت میں بھی انعامات الٰہی کا سزاوار ہوگا۔ مسلمان ہونے کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ کام نہ کیا جائے۔ کام چھوڑ دیا جائے اور مسلمانی وہ سارے کام کرتی رہے گی۔ یہ ہرگز درست نہیں ہے۔

☆ اللہ وہ ہے جس نے اپنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث کیا۔ اس سے یہاں یہ پتہ چلتا ہے کہ اللہ جل شانہ، کے متعلق کوئی تصور، کوئی عقیدہ، کوئی نظریہ رکھنے کے لئے ضروری ہے کہ وہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بتائی ہو۔

☆ تو اسلام کیا ہے؟ اللہ کریم فرماتے ہیں۔ انسانی زندگی کو گزارنے کا آسان ترین طریقہ اسلام ہے جو میرا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تعلیم فرماتا ہے۔

☆ جس طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات کو اللہ نے باقی رکھا۔ اسی طرح برکات وکیفیات کو بھی باقی رکھے گا۔ جب تک یہ اُمت رہے گی۔ کتاب بھی یہی ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم بھی یہی ہے، تعلیمات بھی یہی ہیں، برکات وکیفیات بھی یہی ہیں۔ لینا دینا تو اپنے نصیب کی بات ہے۔

طریقہ ذکر

سلسلہ عالیہ نقشبندیہ اویسیہ

مکمل یکسوئی اور توجہ کے ساتھ ہر سانس کی آمدورفت پر اس طرح گرفت ہو کہ ہر داخل ہونے والی سانس کے ساتھ اسم ذات "اللہ" دل کی گہرائیوں میں اُترتا چلا جائے اور ہر خارج ہونے والی سانس کے ساتھ "ھو" کی چوٹ قلب پر لگے۔ دوسرے لطیفے کو کرتے وقت ہر داخل ہونے والی سانس کے ساتھ اسم ذات "اللہ" دل کی گہرائیوں میں اُترتا چلا جائے اور ہر خارج ہونے والی سانس کے ساتھ "ھو" کی چوٹ دوسرے لطیفے پر لگے۔ اسی طرح تیسرے چوتھے اور پانچویں لطیفہ کو کرتے وقت ہر داخل ہونے والی سانس کے ساتھ اسم ذات "اللہ" دل کی گہرائیوں میں اُترتا چلا جائے اور ہر خارج ہونے والی سانس کے ساتھ "ھو" کی چوٹ اُس لطیفہ پر لگے جو کیا جارہا ہو۔

چھٹے لطیفہ کو کرنے کا طریقہ

ہر داخل ہونے والی سانس کے ساتھ اسم ذات "اللہ" دل کی گہرائیوں میں اُترتا چلا جائے اور ہر خارج ہونے والی سانس کے ساتھ "ھو" کا شعلہ پیشانی سے نکلے۔

ساتویں لطیفہ کو کرنے کا طریقہ

ہر داخل ہونے والی سانس کے ساتھ اسم ذات "اللہ" دل کی گہرائیوں میں اُترتا چلا جائے اور ہر خارج ہونے والی سانس کے ساتھ "ھو" کا شعلہ پورے بدن کے ایک ایک مسام اور خلیہ سے باہر نکلے۔

ساتویں لطیفہ کے بعد پھر پہلا لطیفہ کہا جاتا ہے جس کا طریقہ سب سے پہلے بیان ہوا ہے۔ ذکر کے دوران سانس تیزی اور قوت سے لیا جائے اور ساتھ ہی جسم کی حرکت جو سانس کے تیز عمل کے ساتھ خود بخود شروع ہو جاتی ہے۔ پورا خیال رہے کہ کوئی سانس اللہ کے ذکر سے خالی نہ ہو۔ توجہ قلب پر مرکوز رہے اور ذکر کا تسلسل ٹوٹنے نہ پائے۔

رابطہ:- ساتوں لطائف کے بعد رابطہ کیا جاتا ہے جس کا طریقہ یہ ہے۔ ساتویں لطیفہ کے بعد پہلا لطیفہ کیا جاتا ہے اور پھر رابطہ کیلئے سانس کی رفتار کو طبعی انداز پہ لا کر ہر داخل ہونے والی سانس کے ساتھ اسم ذات "اللہ" قلب کی گہرائیوں میں اُترتا چلا جائے اور ہر خارج ہونے والی سانس کے ساتھ "ھو" کی چوٹ عرش عظیم سے جا کر ٹکرائے۔

اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ

امیر محمد اکرم اعوان مدظلہ العالی 8 نومبر 2009 ماہانہ اجتماع بمقام: دارالعرفان، منارہ، ضلع چکوال

الحمد لله، الحمدلله رب العلمين والصلوٰة والسلام علي حبيبه محمد و آله واصحابه اجمعين۔

وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاحْذَرُوْا ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۹۲﴾

اَللّٰهُمَّ سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ

مولا یاصل وسلم دائما ابدا
على حبيبك خير خلق كلهم

ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ اللہ کریم کی اطاعت کرتے رہو۔ اسلام تسلیم کرنے اور ماننے کا نام ہے۔ اور عملاً اطاعت چاہتا ہے۔ اللہ کی اطاعت کیا ہوگی؟ کیسے ہوگی؟ اطاعت کرنے والے کو کیا خبر ہوگی کہ اللہ کریم کیا حکم دے رہے ہیں کس بات پہ راضی ہیں۔ کس بات سے روک رہے ہیں۔ فرمایا وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ۔ رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کرو۔ دوسری جگہ فرمایا **مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ** (سورہ النساء آیت 79) جس نے رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی۔ وَاحْذَرُوْا اطاعت کر کے بھی بے فکر نہ ہو جاؤ کہ اس میں بھی کئی مرحلے ہیں ایک شخص کلی طور پر اطاعت بھی کرتا ہے، حلال وحرام کی تمیز بھی رکھتا ہے، عبادات بھی ہر وقت ادا کرتا ہے۔ عقائد بھی درست ہیں۔ ڈرنا اسے بھی چاہیئے۔ احتیاط اس کے لئے بھی لازم ہے۔ اس لئے کہ کہیں خود نمائی میں گرفتار نہ ہوجائے۔ اپنی پارسائی کا اسیر نہ ہوجائے۔ اپنی بڑائی کے زعم میں گرفتار نہ ہوجائے۔ جو اطاعت نہیں کرتا اسے یہ خیال کرنا چاہئے کہ وہ اللہ اور اس کے رسول اللہ ﷺ کی نافرمانی کر کے اللہ کی نعمتیں کھاتے ہوئے، اللہ کی کائنات میں رہتے ہوئے، اسکے قبضہ قدرت میں بستے ہوئے، اپنے لئے کیا پیدا کر رہا ہے! اور اسکا نتیجہ کیا ہوگا! وقت بڑی عجیب شے ہے۔ اس طرح گزرتا ہے جس طرح مٹھی سے ریت گر جاتی ہے۔ اسکے گزرنے کا پتہ نہیں چلتا لیکن یہ گزرتے گزرتے بیشمار نقوش مٹا دیتا ہے اور بیشمار نئے نقوش ثبت کر دیتا ہے، بیشمار روایات ختم

ہوجاتی ہیں اور بیشمار نئی چیزیں سامنے آجاتی ہیں۔ اور بندے کو وقت کے گزرنے کا احساس نہیں ہوتا آج ہم جس دور میں ہیں یہ اپنے اعتبار سے ایک عجیب دور ہے۔ چودھویں صدی ہجری کے نصف تک بھی اگر ہم علماء کی سوانح کو دیکھیں تو تقریباً جتنے نامور عالم ہیں جن پر کسی نے کوئی قلم اٹھایا جن کی سوانح مرتب ہوئیں جن پر لکھا گیا ہے، ان سب میں ایک بات قدرِ مشترک کے طور پر نظر آتی ہے کہ فلاں استاد سے یا فلاں مدرسے سے تکمیل علوم کے بعد فلاں بزرگ کی خدمت میں تشریف لے گئے۔ فلاں خانقاہ پہ چلے گئے۔ اتنا عرصہ وہاں ٹھہرے اور وہاں سے خرقۂ خلافت حاصل کیا پھر میدانِ عمل میں قدم رکھا تقریبا تمام نامور افراد کی سوانح میں یہ ملتا ہے اسلئے کہ علومِ ظاہری، احکامِ شریعت کی نشاندہی کرتے ہیں۔ عقائد و اعمال کے بارے اطلاع دیتے ہیں اور کیفیات قلبی ان عقائد و اعمال میں، عمل میں اور یقین میں گہرائی اور خلوص پیدا کرتے ہیں۔ تو اسلام کسی اداکاری کا نام نہیں ہے۔ اسلام نام ہے خلوصِ دل سے تعمیل ارشاد کا۔ احکام کی بجا آوری کا۔ اور یہ خلوص قرآن کی ترتیب میں علم و عمل سے پہلے درکار ہے جیسے ارشاد فرمایا۔

يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ (سورہ جُمعہ آیت نمبر 2) ایمان کے بعد تزکیہ ضروری ہے۔ رسول اللہ ﷺ ایمان لانے والوں کا تزکیہ فرماتے اور تزکیئے کے بعد انہیں تعلیم کتاب و حکمت عطا فرماتے۔ یہاں تعلیم سے مراد وہ علم ہے جس پر عمل کی توفیق بھی ارزاں ہو ورنہ تو مشرکین اور اہل مغرب نے بھی قرآن و حدیث کے مطالعہ کے لئے عربی زبان سیکھی۔ عربی لغت سیکھی۔ منطق اور حرف و نحو سیکھی اور قرآن اور حدیث کا مطالعہ کر کے حاصل کیا ہوا بے اثر، بودے اور فضول اعتراض۔ یعنی نرا جاننا یا نرا عمل مقصود نہیں ہے اس کے ساتھ خلوص بھی درکار ہے اور یہ بڑی ایک نازک کیفیت ہے۔ خلوص ایک بڑی عجیب سی کیفیت ہے انسان کے دل کے اندر کی حالت ہے لیکن یاد رکھیں۔ اس کی سب سے پہلی شناخت یہ ہے کہ جہاں خلوص ہوگا وہاں بندہ اپنی بڑائی یا اپنی پارسائی کے زعم میں مبتلا نہیں ہوگا۔ اگر اس کے پاس کوئی خوبی ہوگی کوئی کمال ہوگا تو وہ اسے اللہ کی عطا سمجھے گا۔ اگر اسے عبادت کی توفیق ہے اگر اسے نیکی کی توفیق ہے اگر رزقِ حلال کی توفیق ہے تو مزید اللہ کا شکر ادا کرے گا اور اس کے دل میں یہ یقین ہوگا کہ یہ سب اللہ کی طرف سے ہے۔ اللہ کا انعام ہے وہ خود کوئی شے نہیں ہے۔ یہ پہلی اور آخری چیز ہے جسے بندے کو خود جانچنا چاہیئے۔ بہت سے لوگ بظاہر نیکی کرتے ہیں احکام بجالاتے ہیں۔ عبادات کرتے ہیں، وظائف پڑھتے ہیں، تلاوت کرتے ہیں، ذکر اذکار کرتے ہیں، تبلیغ کرتے ہیں۔ لیکن ان کے اندر ایک بات سما جاتی ہے کہ وہ پارسا ہیں، بہت نیکیاں کرنے والے ہیں۔ بندہ یہ سمجھنے لگتا ہے کہ میں تو بہت کام کر رہا ہوں کوئی کچھ بھی نہیں کر رہا۔ اطاعت اللہ کی عطا ہوتی ہے کسی کو نواز دے تو اسے توفیقِ عمل دے دیتا ہے اور جب خفا ہوتا ہے تو توفیق اطاعت چھین لیتا ہے سو اگر کوئی نیکی بھی کر رہا ہے تو یہ اس کی عطا ہے اس پر مزید شکر واجب ہے اسے ذاتِ باری کا احسان مند ہونا چاہیئے کہ اس نے اپنی اور اپنے نبی کریم ﷺ کی پیروی اور

اطاعت کی توفیق عطا کی۔ نیک بندوں کا ساتھ عطا کیا نیکی پر چلنا آسان فرمایا۔ سو فرمایا اس کے علاوہ کوئی دوسرا راستہ ہے ہی نہیں اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ (سورہ المائدہ 92) ایک ہی راستہ ہے، کوئی دوسرا راستہ نہیں ہے۔ لیکن اس پر چلتے ہوئے بھی وَاحْذَرُوْا۔ احتیاط لازم ہے۔ اپنا محاسبہ کرتے رہو۔ یہ سارا مجاہدہ یہ ساری محنت یہ ساری کوشش صرف اس لئے ہے کہ اللہ کے بندوں میں کچھ کو تو خلوص کے ساتھ اتباع نصیب ہو۔ اور اگر کوئی پرواہ نہیں کرے گا تو پھر تَوَلَّیْتُمْ تو پھر ٹھیک ہے اللہ خود حساب لے لے گا۔ اگر تم پرواہ نہیں کرو گے تم اطاعت نہیں کرو گے یا اطاعت کر کے اس پر ناز کرو گے اپنی بڑائی میں گرفتار ہو جاؤ گے تو فَاعْلَمُوْٓا پھر ایک بات یاد رکھ لو۔ عدم اطاعت سے نہ تم اللہ کی عظمت میں خلل پیدا کر سکتے ہو نہ نبی کریم ﷺ کی عظمت میں۔ اس لئے کی حضور اکرم ﷺ کا فریضۂ عالیہ یہ ہے۔ اَنَّمَا عَلٰی رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِیْنُ ﴿۹۲﴾ (سورہ المائدہ 92) یقیناً نبی علیہ الصلوۃ والسلام کا منصبِ جلیلہ یہ ہے کہ اللہ کریم کی بات تم تک واضح طور پر پہنچا دے منوانا حضور اکرم ﷺ پر فرض نہیں ہے۔ ماننا نہ ماننا یہ معاملہ تمہارے اور تمہارے پروردگار کے درمیان ہے۔ مانو گے اس کی رضا حاصل کرو گے۔ نہیں مانو گے وہ تم سے حساب لے گا۔ وہ جانے تم جانو۔ وہ اگر معاف کر دے تو وہ قادر ہے۔ سزا دے تو بھی وہ قادر ہے۔ معاملہ تمہارے اور تمہارے مالک کے درمیان ہے۔ نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام کا منصب جلیلہ یہ ہے کہ اللہ کریم کی بات تم تک پہنچا دے۔ یہ بات کہنے میں تو ایک جملہ ہے، ایک فقرہ ہے، لیکن یہ بہت بڑی حقیقت ہے اور اللہ کا بہت بڑا انعام ہے۔ آدم علیہ الصلوۃ والسلام سے لے کر عیسیٰ ؑ تک نبی آئے۔ رسول ؑ آئے۔ اولا العزم رسول ؑ تشریف لائے۔ ایک قاعدہ اور ضابطہ رہا۔ مخصوص قوموں کی طرف تشریف لائے۔ مخصوص علاقوں کے لئے تشریف لائے۔ مخصوص وقت کے لئے تشریف لائے۔ لہٰذا جب وقت بدلا تو نئی نبوت آ گئی۔ آپ ﷺ سارے جہان کے لئے تشریف لائے اور ہمیشہ ہمیشہ کے لئے تشریف لائے۔ آپ ﷺ کے بعد کوئی نئی نبوت، کوئی نئی کتاب نہیں آئے گی۔ تو دیکھنا یہ ہوگا کہ آخری نبی علیہ الصلوۃ والسلام کو جو احکام اللہ نے دیئے وہ ناقابلِ ترمیم ہیں۔ ان میں کوئی ترمیم قیامت تک نہیں ہوگی۔ کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔ قیامت تک رہنے والی شریعت صرف حضور اکرم ﷺ لائے۔ کہنے کو تو ایک جملہ ہے کہ اللہ کا پیغام پہنچا دیا۔ لیکن حقیقتاً پوری کائنات کو بعثتِ عالی سے لے کر قیامت تک کے لئے پوری انسانی دنیا کا سارا نظام اللہ نے اپنے نبی کریم ﷺ کے ذریعے عطا فرما دیا۔ کس طرح سے معیشت ہوگی؟ کس طرح سے معاشرت ہوگی؟ کس طرح سے عدالت ہوگی؟ کیا طریقہ سیاست ہوگا؟ کیا نظامِ ہائے ممالک ہوں گے؟ کس طرح سے امن قائم ہوگا؟ جنگیں ہوں گی تو کس بنیاد پر اور ان میں سزا ہوگی تو اس کا طریقہ کار کیا ہوگا؟ شخصی و ذاتی امور گھریلو زندگی اور میاں بیوی کے تعلقات سے لے کر بین الاقوامی تعلقات تک پوری زندگی کا ایک نصاب دے دیا۔ لہٰذا اطاعت سے مراد صرف یہ نہیں کہ ہم نماز پڑھیں، روزہ رکھ لیں اور بس فارغ ہو گئے۔ حج کر لیا، زکوٰۃ

دے دی۔ نہیں! بلکہ پوری زندگی کا جو لائحہ عمل ہے اس کو حضور اکرم ﷺ کے دیئے ہوئے نظام کے تابع کرنا ہوگا۔ قدم قدم پر آپ ﷺ کی پیروی کرنی ہوگی۔

اور تصوف کیا ہے؟ تصوف صرف یہ بات ہے کہ جو پیروی حضور اکرم ﷺ کی کی جائے اس میں انتہائی خلوص ہو۔ دل کی گہرائی سے کی جائے۔ ان کیفیات کو تصوف کہتے ہیں۔ قرآن کے لفظ تزکیہ کی علماء نے، مفسرین نے اپنی اپنی وسعتِ نظر کے مطابق تشریحات کی ہیں، توجیہات کی ہیں۔ اللہ ان پر کروڑوں، کروڑوں رحمتیں نازل فرمائے۔ ہر ایک کا اپنا ایک خیال ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ قرآنِ حکیم کے لفظ تزکیہ کا اگر ہم فارسی یا اُردو میں ترجمہ کریں تو وہ تصوف بنتا ہے۔ تزکیہ سے مراد دل کی پاکیزگی ہے۔ صفائے قلب ہے۔ صفائے باطن ہے۔ تصوف کا معنی بھی یہی ہے۔ آپ ﷺ نے قیامت تک آنے والی ساری انسانیت کو بہترین نظامِ زندگی دے دیا اور یہ کوئی آسان کام نہ تھا یہ ہرگز آسان نہ تھا کہ صحرائے عرب میں بیٹھ کر ایسا نظام مرتب کر کے انسانیت کو دے دیا جائے جو روئے زمین پر قابلِ عمل ہی نہ ہو بلکہ نافع ہو۔ دنیاوی اعتبار سے بھی اور اُخروی اعتبار سے بھی اور پھر لوگوں کی زبانیں مختلف، قد مختلف، استعدادِ کار مختلف، سوچ کا انداز مختلف، رنگ مختلف، کھانے پینے کے انداز مختلف، صحت و بیماریاں مختلف، اس کے باوجود سب اس پر عمل بھی کر سکیں اور وہ سب کو یقینی فائدہ بھی دے۔

اک زمانہ تھا دانش کے لئے علم و عمل کو کسوٹی بنایا جاتا تھا اور دانشور انہیں کہا جاتا تھا جو اہلِ علم ہوتے تھے، زندگی کے تجربات سے آشنا ہوتے تھے، صاحبِ عمل ہوتے تھے صاحبِ کردار ہوتے تھے، وہ کسی معاملے میں رائے دیتے تو کہتے اہلِ دانش کی رائے ہے یا فلاں دانشور نے یہ کہا۔ اب دانشوری کے لئے کوئی عہدہ چاہئے اس کے پاس کوئی عہدہ ہو، سر گنجا ہو، جو چند بال ہوں انہیں بھی وہ پریشان رکھتا ہو، شیو کیا ہوا چہرہ ہو، ٹائی لگی ہوئی ہو، اور وہ ہر معاملے پر ہر بات کئے جائے۔ خواہ اس میں کوئی بات بنتی ہو یا نہ۔ ہر معاملے پر محض بولتا چلا جائے تو وہ دانشور کہلاتا ہے۔ یعنی اس زمانے کا دانشور وہ ہے جو اپنے نظریے، یا اپنے عقیدے کے مطابق اپنا لباس اور حلیہ بھی نہیں رکھ سکتا اور دوسروں کو دانش تقسیم کرتا ہے۔ یہ اس دور کا المیہ ہے۔ ہمارے یہ دانشور کہتے ہیں کہ مولوی ہمیشہ نفاذِ اسلام کی بات کرتا ہے حالانکہ اس دور میں 1400 سال، 1500 سال پہلے کا نظام کیسے نافذ ہو سکتا ہے۔ یہ ہم کو واپس جہالت کی طرف لے جانا چاہتے ہیں۔ اور مغربی ممالک کو یا مشرقی بعید کے ممالک کو دیکھو وہ ترقی کر رہے ہیں۔ وہ آسودہ حال ہیں وہاں دہشت گردی ہم سے کم ہے وہاں جرائم ہم سے کم ہیں وہ خوشحال لوگ ہیں ہم ان سے مانگ کر کھاتے ہیں۔ بجا ارشاد ہے لیکن ہر بات جو کی جاتی ہے اس کا تھوڑا سا تجزیہ، اندازہ تو کرنا چاہئیے۔ کہ اس کے اسباب کیا ہیں؟ ایسا کیوں ہو رہا ہے؟ یہ جتنے ممالک آپ کو صفِ اول میں سپر پاور اور ترقی یافتہ نظر آتے ہیں ان کی تاریخ کیا ہے؟ چھٹی صدی عیسوی میں یہ کہاں کھڑے تھے؟ بعثتِ عالی ﷺ سے پہلے ان ممالک کی کیا کیفیات تھیں؟ یہ امریکہ، کینیڈا وغیرہ جو آپ کو بہت ترقی یافتہ نظر آتے ہیں انہیں مورخ The wild, wild West لکھتا ہے۔

وحشی، وحشی مغرب، ایک دفعہ wild West نہیں لکھتا۔ بلکہ wild West لکھ کر بتاتا ہے کہ یہ انتہائی وحشی لوگ تھے۔ یورپ جس پہ آج ہر کوئی فریفتہ ہے انہیں اس عہد کا مورخ The cave man لکھتا ہے۔ غاروں میں رہنے والے لوگ۔ انہیں مکان تک بنانا نہیں آتا تھا یہ پہاڑوں میں غاریں بنا کر رہتے تھے۔ یعنی جس تہذیب میں جھونپڑی بنانے کا تصور نہیں ہے اس میں دیگر انسانی اقدار کہاں سے آئیں گی! افریقہ میں انسان، انسانوں کا شکار کر کے کھاتے تھے۔ ساری ایشیائی اور وسط ایشیائی ریاستوں میں لوٹ مار، راہزنی اور قتل و غارت گری کے سواء کوئی طریقہ کار نہ تھا۔ منگولوں کی تاریخ اور اس سے پہلے کی تاریخ پڑھ لیں۔ مشرق بعید کو دیکھ لیں خود برصغیر کو دیکھ لیں انسانوں کو زندہ جلایا جاتا تھا پتھر کے بتوں کے سامنے انسانوں کو ذبح کر کے قربانیاں دی جاتی تھیں۔ کیا تھا دنیا کے پاس؟ وحشت، بربریت اور ظلم وجور کے علاوہ کچھ بھی نہیں تھا۔ بعثتِ عالی ﷺ نے محمد رسول اللہ ﷺ نے یہ احسان کیا کہ بنی نوع آدم کو انسانیت سکھائی۔ انسانیت کا درس دیا۔ آپ ﷺ اس خطے میں مبعوث ہوئے جہاں بڑی بات یہ ہے کہ دنیا بھر کی ساری برائیاں جمع ہوگئی تھیں۔ عرب چونکہ سفر کرتے تھے اور روئے زمین پر کرتے تھے۔ اردن میں، عمان کے علاقے میں ایک شہر دریافت ہوا ہے جو حضور اکرم ﷺ کے زمانے میں عالمی منڈی تھا اور مشرق میں چین اور ہندوستان سے لے کر مغرب میں جہاں تک معلوم دنیا تھی وہاں تک کے تمام لوگ جمع ہوتے تھے۔ اتنا بڑا تجارتی میلہ ہوتا تھا۔ تو چونکہ ساری دنیا پر پھرتے تھے تو ہر ملک سے ہر شہر سے وہاں کی برائی لے آئے۔ اور جزیرہ نمائے عرب ایک ایسی جگہ تھی کہ پوری دنیا میں جہاں برائیاں خاص خاص کسی ملک، کسی قوم سے وابستہ تھیں وہ یہاں ساری جمع ہوگئی تھیں۔ جتنے عقیدے دنیا میں تھے وہ بھی یہاں سارے جمع ہوگئے تھے۔ وحشت وبربریت کا مرکز بن گیا تھا۔ کفر و بت پرستی اور شرک کا بھی مرکز بن گیا تھا۔ اللہ نے آقائے نامدار ﷺ کو مبعوث فرمایا اور اس بوڑھے آسمان نے دیکھا کہ روئے زمین پر بسنے والے سارے انسانوں میں اللہ کا ایک بندہ ﷺ تن تنہا اعلان نبوت فرما رہا ہے۔ توحید باری کی بات کر رہا ہے۔ بتوں کا انکار کر رہا ہے اور بتوں، کفر وشرک کو رد کر رہا ہے۔ یہ آسان کام نہیں تھا۔ قرآنِ کریم کا نزول شروع ہوا اور انسانیت کی راہنمائی قیامت تک کے لئے کی جانے لگی۔

ہمارے چینلوں کو تو اتنی توفیق نہیں ہوئی۔ ہندوستان کے چینل کبھی کبھی اسلامی پروگرام، مسائل، فقہی مسائل بیان کرتے رہتے ہیں مثلاً اب حج ہے تو 'حج کے مسائل' پر پروگرام کرتے رہتے ہیں، علماء کی تقاریر ہوتی ہیں تو ہندوستان کے رہنے والے مولانا وحید الدین خان مسائل بیان فرما رہے تھے انہوں نے بڑی خوبصورت بات کی۔ "کیسی عجیب بات ہے کہ گزشتہ ادوار میں افلاس بھی تھا، وسائل رزق میں بھی اتنی وسعت نہ تھی، ذرائع مواصلات بھی محدود تھے، نہ ٹیلی فون تھا نہ موبائل فون۔ اب تو مسجد میں بھی ٹیلی فون بج رہے ہیں۔ یہ نہیں تھے تو بھی لوگوں کا گزارہ ہوتا تھا اور آج یہ حال ہے کہ اگر تحصیل دار کے دفتر میں جائیں تو فون کو بند کر کے جاتے ہیں۔ اللہ کی بارگاہ میں آئیں تو اسے ON رکھ کر لاتے ہیں کہ "اللہ نے کیا بگاڑنا ہے"۔

اس قوم کی آوارگی کی کوئی حد نہیں ہے تو بہر حال وہ فرما رہے تھے کہ

دورِ صحابہؓ میں وسائل اور ذرائع نہیں تھے۔ لوگ پیدل آتے تھے۔ کسی کو گھوڑا مل گیا، کوئی دبلی اور کمزور اونٹنیوں پر آ گیا۔ اور ایک نظر بیت اللہ شریف کو دیکھ لیا۔ ایک نظر رسول اللہ ﷺ کو دیکھ لیا۔ اور حضور اکرم ﷺ کا ارشاد سن لیا تو اس طرح کے کلمہ شکر ادا کرتے تھے کہ فرشتے دوڑتے تھے ان کلمات کو لینے کے لئے۔ اور آج دنیا بھر کی سہولتیں ہمیں میسر ہیں۔ شکر تو کیا کرنا ہے ہمیں ارشادتِ پیغمبر ﷺ کے سننے کے لئے فرصت ہی نہیں۔ ہمارے پاس سننے کے لئے اب ہمارے موبائل کافی ہیں۔ اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ کی بات سننے کے لئے کسی کے پاس فرصت نہیں ہے۔ تو ان لوگوں کو اللہ نے وہ جذبہ دیا۔

''جتنے ذرے سامنے آئے ستارے ہو گئے''

صحابہؓ کو وہ برکات نصیب ہوئیں کہ انہوں نے بھی ماننے کا حق ادا کر دیا۔ اور اللہ کا شکر ادا کیا۔ اور کیسی عجیب بات ہے کہ تقریباً 23 برسوں میں قرآنِ کریم کا نزول مکمل ہوا۔ جب مکمل ہوا تو حضور اکرم ﷺ نے تو اپنی ذمہ داری نبھاہ کر، پیغام دے کر دنیا سے پردہ فرما گئے۔ لیکن حضور ﷺ مبعوث تو انسانیت کے لئے ہوئے تھے اور اسلامی ریاست تو جزیرہ نمائے عرب پر تھی۔

چند حکمرانوں کو حضور اکرم ﷺ کے خطوط مبارک ملے۔ باقی روئے زمین پر تو اسلام پہنچانا باقی تھا۔ لیکن وہ متبعینؓ اتنے مخلص، اتنے کھرے، اتنے خدارسیدہ تھے کہ وصالِ نبوی ﷺ کے بعد انہوںؓ نے آپ ﷺ کے پیغام کو جانفشانی سے آگے پہنچایا۔ اللہ کریم نے نبی کریم ﷺ کو معبوث فرمایا۔ اپنا کلام عطا فرمایا۔ آپ ﷺ نے کلامِ الٰہی صحابہ کرامؓ کو پہنچا کر باقی مخلوق کو پہنچانے کا فریضہ صحابہ کرامؓ کے سپرد کر دیا۔ اور حضور ﷺ دنیا سے پردہ فرما گئے۔ انہوں نے اسے پہنچانے کا حق ادا کر دیا کہ 23 برسوں میں نزولِ قرآن ہوا تو تاریخ اٹھا کر دیکھ لیں۔ اگلے 23 برسوں میں ہسپانیہ سے ہندوستان اور چین تک اور سائبیریا سے افریقہ تک انہوں نے نہ صرف پیغام پہنچایا اسلامی ریاست قائم کر دی۔ مسلمانی تو اسے کہتے ہیں۔ آج ہم کہتے ہیں مغرب ترقی یافتہ ہے۔ میری بات غور سے سن لو۔ ہر چیز کے دو اثر ہوتے ہیں۔ ایک لقمہ کھانا ہم کھاتے ہیں ایک گھونٹ پانی پیتے ہیں۔ اس کے بھی دو اثر ہیں۔ ایک وہ جو دنیا میں ملتا ہے۔ پیاس بجھے گی، اچھا لگے گا، ٹھنڈ پڑے گی۔ ایک وہ جو آخرت میں جب مالک پوچھے گا کہ پانی تو میری نعمت تھی۔ میرا شکر بھی ادا کیا کہ نہیں۔ جو اثر دنیا میں ہوتا ہے اس میں کافر اور مسلم کی تمیز نہیں ہے۔ کافر کو ٹھنڈا پانی دو اسے بھی اچھا لگے گا، پیاس بجھے گی۔ جو سوال قیامت کو ہوگا اس میں ایمان اور کفر میں بڑا فاصلہ ہے۔ یہ جتنے ممالک جنہیں آج آپ ترقی یافتہ کہتے ہیں یہ تو تہذیب سے بے انتہا دوری پر تھے۔ جب انہوں نے غلبہ اسلام دیکھا تو انہوں نے یہ سوچنا شروع کر دیا۔ انہوں نے نبوت پر، توحید پر غور نہیں کیا۔ انہوں نے ظاہری اعمال کو دیکھنا شروع کر دیا کہ اس قوم کے کون سے اعمال ہیں کہ دنیا پہ غالب آ گئے۔ وہ انہوں نے چُن چُن کر نکالے۔ یہ تجارت میں دیانتدار ہیں۔ یہ وعدے کی پاسداری کرتے ہیں۔ یہ چیزیں انہوں نے چُن چُن کر نکال لیں اور وہ اپنانا شروع کیں۔ بغداد میں جب پختہ سڑکیں اور گلیاں تھیں پیرس کے

بازاروں میں گھٹنوں گھٹنوں کیچڑ ہوا کرتا تھا۔ یہ تاریخ ہے۔ ان اقوام نے جہاں جہاں اتباعِ رسول اللہ ﷺ اپنایا وہاں وہ دنیاوی اعتبار سے آگے نکل گئے۔ وہ ایمان نہیں لائے اس لئے آخرت ان کی نہیں ہے۔ لیکن دنیاوی اعتبار سے آگے نکل گئے۔ اور ہم نے جہاں جہاں اتباعِ رسالت ﷺ کو چھوڑا وہاں وہاں ذلیل ہو گئے۔

آج آپ مثال کے طور پر ایک بات دیکھ لیں آپ کا دوکاندار چیز دیتا ہے، ایک رسید دیتا ہے، اسے الٹ کر دیکھیں پیچھے لکھا ہوا ہے خریدی ہوئی چیز واپس نہیں ہوگی۔ چلو جان چھوٹی۔ آپ اہلِ مغرب سے کوئی چیز خریدتے ہیں۔ وہاں چیزیں سامنے لگی ہوتی ہیں۔ آپ دیکھتے ہیں، پسند کرتے ہیں کہ مجھے یہ کوٹ چاہیئے، یہ جوتا چاہئے۔ وہ کہتے ہیں یہ یہاں پڑا رہنے دیں ہم آپ کو پیک دیتے ہیں۔ وہ پیک جو ہوتا ہے، ڈبے میں وہ دے دیتے ہیں۔ آپ نے گھر جا کر کھولا، دیکھا کہ اس کا تو بٹن غلط لگا ہوا ہے، یہ کوٹ یہاں سے پھٹا ہوا ہے، یہاں سے کافی خراب ہے، آپ دکان پر فون کرتے ہیں۔ وہ کہتا ہے کہ جی ہماری ذمہ داری ہے۔ ہمارا بندہ آ رہا ہے۔ دوسرا کوٹ یا دوسرا جوتا لا رہا ہے۔ وہ آپ کو دے کر پہلے والا واپس لے آئے گا۔ ہر شعبے میں ان میں اور ہم میں اتنا فرق ہے۔ وہ تو دنیا کے بدترین وحشی لوگ تھے۔ انہوں نے کہاں سے سیکھا۔ کیا ظہورِ اسلام سے پہلے ان کے پاس کوئی ایسی بات تھی؟ انہوں نے اسلام سے سیکھا۔ تو بھئی جہاں جہاں وہ وہ ضابطے اختیار کریں گے جو حضور اکرم ﷺ نے بتائے۔ وہاں وہ سرفراز ہوں گے۔ ہم اختیار کریں تو ہمارے پاس دہری قوت ہے کہ ایمان بھی ہے اور اطاعت بھی ہے۔ تو جو ترقی دنیاوی اعتبار سے ہم کر سکتے ہیں وہ ہم نہیں کر رہے اس لئے کہ ہماری مصیبت یہ ہے کہ ہمارا ایمان کہنے کو تو ہے لیکن اس میں اتنی طاقت نہیں کہ وہ ہم سے عمل کرا سکے۔

سو میاں! جسے آپ تصوف کہتے ہیں یہ دین کی روح ہے۔ شریعت اور طریقت الگ الگ نہیں ہیں۔ تصوف اور شریعت دو شعبے نہیں ہیں۔ تصوف نام ہے شریعت کے عقائد و اعمال پر دل کی گہرائی سے عمل کرنے کا۔ اور ہم جب بھی بات کرتے ہیں تو اس دور کی ایک خصوصیت ہے کہ ہر بندہ دوسرے کو جانچتا ہے۔ اپنا خیال نہیں کرتا۔ فلاں یہ کر رہا ہے، فلاں وہ کر رہا ہے، اس میں یہ غلطی ہے، اس میں وہ۔ کیا آپ نے فلاں کا جواب دینا ہے؟ جواب اپنا دینا ہے۔ جانچتے فلاں کو پھرتے ہو تو کیا فائدہ ہوگا؟ اپنے آپ کو جانچنا چاہیئے۔ اپنے آپ کو دیکھو کہ میں عمل کتنا کر رہا ہوں اور جو کر رہا ہوں اس میں خلوص کتنا ہے؟ اور اس میں اگر ہم کوتاہی کریں گے تو جواب دہی ہمیں ہی کرنا ہوگی کیونکہ فریضۂ رسالت ادا کرنے کا حق ادا کر دیا اللہ کے رسول اللہ ﷺ نے۔ اور جب بزرگوں کے ذمے آگے پہنچانا حضور ﷺ نے لگایا تھا۔ انہوں نے بھی حد کر دی۔ وہ زمانہ جہازوں کا، ریلوں کا، گاڑیوں کا نہیں تھا۔ لیکن عرب کے صحرا نشین گھوڑوں کی پیٹھوں پر افغانستان سے گزر کر جن درّوں سے چین داخل ہوئے۔ وہ درّہ 18 ہزار فٹ کی بلندی پر ہے۔ صحرائے عرب کے رہنے والے افغانستان کو فتح کرنے کے بعد جب چین میں داخل ہوئے تو جس درّے سے داخل ہوئے وہ 18000 فٹ کی بلندی پر ہے۔ اور آج بھی جب لوگ وہاں سے گرمیوں میں بھی

گزرتے ہیں وہاں گرمیوں میں برف پگھلتی نہیں۔ ایک عجیب مصیبت بن جاتی ہے۔ سینکڑوں فٹ برف ہے۔ اور اس میں دراڑیں آجاتی ہیں۔ اور دن کو بخارات اٹھتے ہیں۔ رات ٹھنڈی ہوتی ہے تو وہ برف بن کر جم جاتی ہے تو اس پر پتلی سی تہہ برف کی جم جاتی ہے۔ پتہ نہیں چلتا کہ کہاں دراڑ ہے۔ اگر اس پر پاؤں آ گیا وہ پتلی سی برف ہوتی ہے ٹوٹ جاتی ہے۔ آدمی سینکڑوں فٹ نیچے چلا جاتا ہے۔ لاشیں بھی نہیں ملتیں۔ آج بھی گرمیوں میں لوگ وہاں سے گزرتے ہیں تو دو چار جانور آگے لگا لیتے ہیں کہ کہیں وہ دراڑ ہو، برف ٹوٹے تو جانور گرے اور بندے بچ جائیں۔ وہاں سے عرب کے صحرانشین گھوڑوں پر گزر گئے۔ اس پیغام کو لے کر جو محمد رسول اللہ ﷺ نے انہیں پہنچانے کے لئے دیا تھا۔ اور میں نے یہ تاریخ پڑھی ہے کہ مغرب سے داخل ہوئے اور مشرقی ساحل پر چین تک گئے۔ میرے پاس اس مسجد اور ان مزارات کی تصاویر موجود ہیں جو صحابہؓ کے مزارات ہیں۔ اور جو مسجد انہوں نے وہاں بنائی تھی۔ اس کے اب کچھ کھنڈر سے، کچھ دیواریں، کچھ ستون کھڑے ہیں۔ یعنی پورا چین وہ روند کر مشرقی کنارے تک سمندر تک پہنچ گئے۔ اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ کا پیغام پہنچانے کے لئے۔ انہوں نے بھی حق ادا کر دیا۔ یہ کیسی عجیب بات ہے کہ آج ہم مکہ مکرمہ جاتے ہیں۔ مدینہ منورہ جاتے ہیں تو حجۃ الوداع میں ایک لاکھ چالیس ہزار تو عمومی تعداد بیان کرتے ہیں۔ اصحابِ سیرت کہ 140,000 صحابہؓ موجود تھے۔ 140,000 تو میدانِ عرفات میں تھے۔ جو نہیں پہنچ سکے وہ کتنے تھے؟ بیویاں، بچے، بوڑھے، جوان تو اس طرح سے اندازہ اگر ہم لگائیں تو کم از کم پانچ چھ لاکھ تعداد بن جاتی ہے۔ یہ پانچ چھ لاکھ مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ میں تھے۔ ان کی قبریں کہاں ہیں؟ مکہ مکرمہ میں تو اتنی قبریں نظر نہیں آتیں۔ مدینہ منورہ میں بھی جنت البقیع ہے اور اس میں بھی صحابہؓ کی قبریں بھی اتنی نظر نہیں آتیں۔ یہ لوگ پوری دنیا میں پھیل گئے۔ سری لنکا سے لے کر چین کے شمال تک اور ہسپانیہ سے گزر کر امریکہ پر بھی مسلمانوں کا قبضہ رہا۔ مغربی امریکہ میں اب بھی شہروں، صوبوں اور قصبوں کے نام اسلامی ہیں اور عربی میں ہیں۔ میں نے سارا پھر کر دیکھا ہے۔ صحابہؓ ہندوستان میں دفن ہیں۔ برصغیر میں دفن ہیں، چین میں دفن ہیں، سری لنکا میں دفن ہیں، ہسپانیہ میں دفن ہیں، قسطنطنیہ کی دیواروں کے نیچے وہ لوگ دفن ہیں جن کے گھر حضور اکرم ﷺ نے قیام فرمایا تھا۔ یعنی حضرت ابوایوب انصاریؓ حضور اکرم ﷺ کا ارشاد ہے کہ "**بلغو اعنّی ولوآیۃ**" "میرا پیغام تمہاری ذمہ داری ہے۔ میری طرف سے پہنچاؤ۔ یہ لے کر وہ اس طرح پھیلے کہ وہ لاکھوں قبریں ہمیں مکہ اور مدینہ میں نظر نہیں آتیں۔ اللہ کریم کی بات ہے حضور اکرم ﷺ کا ارشاد پاک ہے۔ حدیث میں ہے کہ **من مات بمکتہ فقد مات فی السماء الدنیا او کما قال رسول اللہ** ﷺ "جو مکہ میں فوت ہو وہ یوں ہے جیسے وہ آسمان دنیا پہ جا کر فوت ہوا"۔ یہ جانثارانؓ مکہ مکرمہ کو چھوڑ کر، مدینہ منورہ میں نبی کریم ﷺ کا پڑوس بھی ہے۔ جنت البقیع ہے۔ قبرستان کا نام ہی جنت ہے۔ مکہ مکرمہ میں قبرستان کا نام ہی جنت المعلیٰ ہے۔ دونوں قبرستانوں کا نام جنت ہے۔ محمد رسول اللہ ﷺ نے

رکھا۔ پھر اس میں کوئی شک ہے؟ لیکن یہ لوگ ان قبرستانوں میں نہیں ملتے۔ کوئی کسی صحرا میں ہے، کوئی کسی جنگل میں ہے، کوئی کسی ویرانے میں ہے، کوئی کسی ملک میں ہے، تو کوئی کسی ملک میں۔ یہ لوگ پوری دنیا میں پھیل گئے۔ آج آپ حج پہ جاتے ہیں تو آپ کو لاکھوں قبریں صحابہؓ کی ملتی ہیں۔ روئے زمین پر دفن ہیں۔ چین کے شمالی صحرا سے چند سال پہلے۔ دس سال پہلے کی بات ہے کہ کچھ وجود ملے جو بالکل سلامت تھے اور چین کی حکومت نے یہ کہا کے یہ ریتلا علاقہ ہے اور اس کی جسم کی تراوت ریت نے جذب کر لی اور جسم خراب نہیں ہوئے۔ لیکن کیا اس ریتلے علاقے میں وہ صرف دس بارہ جسم ہی دفن ہوئے تھے؟ اور صدیوں میں کوئی دفن نہیں ہوا؟ باقیوں کو اس ریتلے علاقے نے محفوظ رکھا؟ یہ یقیناً ان لوگوں کے وجود تھے جو دنیا سے گزر تو گئے لیکن مرے نہیں ۔ یہ شہدا کے وجود تھے، یہ شہید تھے سارے لوگ۔ راہِ حق میں جانیں دیں اور روئے زمین پر بکھر دیں۔ آج ہمارے پاس تو گھر سے مسجد تک جانے کی فرصت نہیں ہے کہ ہم مصروف ہیں۔ کیا ان کے گھر نہیں تھے؟ ان کے ماں، باپ، بہن، بھائی نہیں تھے؟ ان کے بیوی بچے نہیں تھے؟ ان کی ضروریات نہیں تھیں؟ یہ ہے معیار **اَطِیۡعُوا اللّٰہَ وَاَطِیۡعُوا الرَّسُوۡلَ** کا۔ اور اگر اس میں کمی آ گئی تو کون سا تصوف۔ تصوف سے مراد تو یہ ہے کہ جو عمل ہم اللہ کی اطاعت کے لئے کرتے ہیں اور اس کے رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کے لئے کرتے ہیں اس میں مزید خلوص اور گہرائی آ جائے۔ وہ کون سا تصوف ہے جو اطاعت ہی چھڑوا دے۔ تصوف سے مراد ہے کہ عظمتِ الٰہی کا ادراک ہو۔ اپنی بے مائیگی اور کم مائیگی کا احساس ہو کہ میں کچھ بھی نہیں ہوں۔ سب کچھ وہی ہے۔ اللہ کریم کا احسان ہے۔ ایک نظام ہے رب العالمین کا وہ ہر چیز میں توازن رکھتا ہے۔ Scientifically ہر کوئی جانتا ہے کہ جب تک چیزوں میں توازن رہتا ہے، اشیاء قائم رہتی ہیں۔ توازن بگڑتا ہے تو ختم ہو جاتی ہیں۔ ہوا کا نظام قائم ہے۔ سورج کا نظام، روشنی کا نظام، چاند، ستارے ہیں، نباتات ہیں، جمادات ہیں، حیوانات ہیں۔ سب میں ایک توازن ہے۔ فضاء میں ایک توازن ہے۔ زمین میں ایک توازن ہے۔ توازن بگڑتا ہے تو ہر چیز تباہ ہو جاتی ہے۔ اسی طرح نیکی اور بدی میں بھی ایک توازن ہے جو قدرت قائم رکھتی ہے۔ جب برائی زمانے میں حد سے بڑھی تو محمد رسول اللہ ﷺ مبعوث ہوئے۔ اب ایک ایسا سورج تھا کہ زمانے بھر کے اندھیروں کو شکست دینے کے لئے کافی تھا۔ صحابہؓ، اولیائے اُمت اور اسی طرح ہر عہد میں جب برائی بڑھتی ہے تو کچھ لوگوں کو اللہ مزید نیکی کی توفیق عطا کر دیتا ہے۔ کچھ لوگوں کے اعمال ایسے ہوتے ہیں کہ حالات Balance رہتے ہیں۔ دنیا تباہی سے بچ جاتی ہے۔ حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں عرض کیا گیا کہ حضور اکرم ﷺ قیامت کب قائم ہوگی۔ آپ ﷺ نے فرمایا 'حتیٰ لایقال اللہ' اللہ جب اللہ اللہ کہنے والا کوئی نہیں رہے گا۔ قیامت آجائے گی۔ توازن بگڑ جائے گا۔ نیکی ختم ہو جائے گی، برائی برائی رہ جائے گی، جب توازن خراب ہوگا، ہر چیز تباہ ہو جائے گی۔ قیامت قائم ہوگی۔ تو اللہ کریم زمانے میں، دنیا میں، لوگوں میں، افراد میں، جب برائی

بڑھتی ہے کچھ لوگوں کو اپنی یاد کی، اپنے ذکر کی، تلاوت کی، عبادت کی، اطاعت کی توفیق بھی عطا کر دیتا ہے۔ مزید خلوص عطا کر دیتا ہے۔ خلوص ایک ایسی کیفیت ہے کہ ایک لاکھ بندہ بغیر خلوص کے سجدہ کرتا ہے تو ان میں کوئی ایک خلوص سے کرتا ہے تو وہ ایک اس ایک لاکھ پر بھاری ہے۔ لاکھوں بندے گناہ کرتے ہیں۔ کوئی ایک پُر خلوص بندہ سجدہ میں ہوتا ہے تو وہ لاکھوں کروڑوں کے گناہ سے جو ظلمت پیدا ہوتی ہے، اس پہ وہ نور حاوی آجاتا ہے۔ اور جو ایک مخلص بندے کے سجود سے ہوتا ہے تو یوں کائنات کا نظام Balance رہتا ہے۔ میرا اور آپ کا کوئی کمال نہیں ہے۔ ہم اللہ اللہ کرتے ہیں یہ اس کی عطا ہے کہ نظام کو تو اس نے Balance رکھنا ہے۔ جب تک دنیا اس نے قائم رکھنی ہے۔ اس کا اپنا قاعدہ ہے وہ اپنے قواعد کے مطابق اسے رکھے گا۔ کسی نہ کسی پر عطا کرے گا۔ جو خلوص سے اس کا نام لیتا رہے گا۔ اگر ان میں اس نے ہمیں شامل کر لیا تو یہ اس کا احسان ہے۔ ہمارا کمال نہیں ہے۔ اس پر فخر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اس پہ شکر کرنے کی ضرورت ہے۔ یہ عطا اس کی ہے۔ ورنہ عمومی طور پر تو اللہ نے قرآن کریم میں ارشاد فرمایا کہ جب کوئی قوم بگڑتی ہے تو اَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَّيُذِيْقَ بَعْضَكُمْ بَأْسَ بَعْضٍ (سورہ الانعام آیت نمبر 65) میں انہیں گروہوں میں تقسیم کر دیتا ہوں۔ پھر وہ ایک دوسرے سے لڑتے ہیں۔ ایک دوسرے کو برائی کا مزہ چکھاتے ہیں۔ ہماری حالت وہاں پہنچ چکی ہے۔ قومی اور ملکی اعتبار سے کہ ہم مختلف گروہوں میں بٹ گئے ہیں۔ اور ایک دوسرے کی جان لینے کے درپے ہیں۔ اور لڑ رہے ہیں۔ اور یہ عذابِ الٰہی ہے۔ عذابِ الٰہی سترھویں ترمیم ختم کرنے سے نہیں اُٹھتا۔ عذابِ الٰہی B-58-2 ختم کرنے سے نہیں اٹھنا، عذابِ الٰہی فوجی ایکشن سے نہیں اُٹھنا، عذابِ الٰہی اٹھنا ہے تو یہ سے اور اللہ اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کرنے سے۔ آج بھی ہم عہد کریں، توبہ کرلیں، اصلاحِ احوال کرلیں، تو عذاب اٹھ سکتا ہے۔ ایک دوسری مصیبت یہ ہے۔ اور یہ میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں کہ ہم دوسروں کے لئے تجویز کرتے ہیں۔ اللہ کرے۔ ہم سب یہ عہد تو کریں کہ میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کروں گا اور خلوص دل سے کروں گا۔ دوسروں پہ تو ہمارا اختیار نہیں ہے۔ رائے دے سکتے ہیں۔ بات پہنچا سکتے ہیں۔ لیکن یہ اپنا ساڑھے چار ہاتھ کا وجود جو ہے۔ یہ ہمارے سپرد اللہ نے کیا ہے۔ اور یاد رکھیں ہر بندے کا قد ساڑھے چار ہاتھ ہوتا ہے۔ اس کے اپنے ہاتھ کے اعتبار سے ہر بندہ ساڑھے چار ہاتھ لمبا ہوتا ہے۔ تو یہ ساڑھے چار ہاتھ کا وجود جو ہے اس پر تو اسلام نافذ کریں۔ یہ بھی تو پاکستان کا ایک چھوٹا سا حصہ ہے۔ انہیں افراد سے مل کر پاکستان بنتا ہے۔ تو پھر پوری ہمت کرو۔ مرد و خواتین، پورے خلوص سے دامانِ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم سے لپٹ جاؤ اور دیکھو غلبہ اسلام، قیام امن کیسی عجیب بات ہے۔ پوری دنیا پہ انتہائی مظالم ہو رہے تھے۔ اسلام اس طرح سے پھیلا کہ کہیں کسی بچی کی چیخ سنائی نہیں دیتی تھی۔ کہیں کسی بے بس کے آنسو دکھائی نہیں دیتے تھے۔ کہیں بوڑھے کی کراہ سنائی نہیں دیتی تھی۔ جہاں انتہائی مظالم ہوتے تھے وہاں عدل اور انصاف اور امن قائم ہوتا چلا گیا۔ یہ سلامتی اسلام میں ہی ہے۔ ہمارے ہاں سبب کی

نشان دہی کوئی نہیں کرتا۔ انگریز نے یہ ملک فتح کیا بدمعاشی سے کیا، دھوکے سے کیا، چوری سے کیا، وہ الگ بحث ہے۔ فتح تو کرلیا۔ برصغیر کے رہنے والے سارے لوگ وہ ہندو تھے یا مسلمان اس نے غلام بنالئے۔ اس نے غلاموں کے لئے ایک نیا نظام بنایا۔ جسے ہم کبھی Colonial System کہتے ہیں، کبھی Slavery System کہتے ہیں۔ غلام جو ہوتا ہے اس کا کوئی حق نہیں ہوتا۔ اسے صرف زندہ رہنا ہے۔ جو حکم ملے وہ بجالانا ہے۔ ملازم (servant) اور slave میں فرق ہے۔ ملازم کے اوقاتِ کار ہوتے ہیں۔ ڈیوٹی ہوتی ہے۔ تنخواہ ہوتی ہے۔ اس کے حقوق ہوتے ہیں۔ دھوبی سے کہیں کہ وہ مالی کا کام کرے۔ وہ کہے گا کہ کپڑے دھلالو۔ مجھ سے نہیں ہوتا۔ مالی سے کہیں کپڑے دھودے وہ کہتا ہے gardening کرلوں گا۔ مجھ سے کپڑے نہیں دھلتے۔ کیونکہ وہ servant ہیں۔ وہ ملازم ہیں۔ غلام جو ہوتا ہے اسے جو کام کہو وہی کرتا ہے۔ اسے کھانا ہے زندہ رہنے کے لئے اور تن ڈھانپنا ہے۔ اس سے زیادہ اس کے حقوق نہیں ہوتے۔ یہاں نظام بنایا گیا غلاموں کے لئے۔ اس کی خصوصیت یہ تھی کہ کام، محنت پورا برصغیر کرتا تھا۔ جو حاصل ہوتا تھا وہ تاج برطانیہ کو جاتا تھا۔ محنت غلام کرتے تھے فائدہ بادشاہ اٹھاتے تھے، حکمران قوم اٹھاتی تھی۔ آزاد ہوگیا پاکستان۔ چلو اللہ کرے ہوجائے۔ یہ آزادی کیا ہوئی؟ انگریز چلے گئے اور چند مقامی خاندان جو انگریز کے وفادار تھے ہماری باگ دوڑ ان کے ہاتھ میں دے گیا۔ 63 برس ہونے کو آئے ہیں۔ وہی غلامانہ نظام انہوں نے ہم پر مسلط کررکھا ہے۔ محنت ہر شہری کرتا ہے۔ موج وہ کرتے ہیں۔ جو ایوانِ سلطنت میں بیٹھے ہیں۔ پھر انگریز یہ کہتا تھا کہ تم غلام ہو۔ خبردار اپنی حیثیت پہچان کررکھو۔ ہم سکول میں پڑھتے تھے۔ مڈل میں تو ہم سے انگریزی میں درخواستیں لکھوائی جاتی تھیں کہ چھٹی کی درخواست لکھو۔ نیچے لکھا ہوتا تھا "Yours obedient servant" یہ ہمیں خاص طور پر سمجھایا جاتا تھا کہ تم نے لکھنا ہے Yours obedient servant ابھی تک ہم وہی لکھتے جارہے ہیں۔ وہی کالونیل سسٹم Colonial System ہے۔ وہی غلامانہ نظام ہے ہم غلام ہیں۔ چند لوگ آقا ہیں۔ چند خاندان آقا ہیں۔ ملک کا ایک فیصد یا اس سے بھی کم۔ وہ لوگ جو اوپر بیٹھے ہیں یا کوئی حادثاتی طور پر ایک آدھ ان میں شامل ہوگیا۔ ان میں اہلیت ہے۔ ان کی بیواؤں میں بھی اہلیت ہے۔ ان کی نوجوان بچیوں میں بھی اہلیت ہے۔ ان کے بچوں میں بھی۔ ان کے میٹرک فیل بھی وزیر بن جاتے ہیں۔ وہ سب خاندانی By birth اہلیت لے کر پیدا ہوتا ہے۔ ہمیں یہ باور کرایا جاتا ہے کہ ہم سے کام بھی نہیں ہوتا اس لئے ہمیں تو دھکے مل رہے ہیں۔ ساتھ ہر سال کہہ دیتے ہیں کہ جشنِ آزادی مناؤ۔ اس سے لوگوں میں وہ آرزو پیدا ہوجاتی ہے کہ ہم آزاد ہیں، ہمارے بچے کو بھی تعلیم ملنی چاہئے۔ ہمارے بیمار کا بھی علاج ہونا چاہئے۔ ہمارا یہ بھی ہو، ہمارا وہ بھی ہو۔ ہمیں چینی نہیں ملتی۔ ہمیں آٹا نہیں ملتا۔ یہاں آٹا نہیں ملتا تو کھل کھاؤ تم تو غلام ہو۔ بھوسہ کھاؤ، پیٹ بھرنا ہے، زندہ رہنا ہے، گھاس کھالو، گزارا کرلو۔ غلام ہو تم۔ کہاں چینی چینی کرتے پھرتے ہو۔ یہ کیوں ہے؟ ہم پہ یہ عذاب اس لئے

ہے کہ ہم نے اپنے اللہ اور اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی وفا نہیں کی۔ اسکا نتیجہ ہم اس خانہ جنگی کی صورت میں بھگت رہے ہیں۔ نہیں یہ بہت بُری بات ہے۔ دہشت گردی بُری چیز ہے لیکن کیا دہشت گردی ہی بُری ہے اور دہشت گردی کا بیج بونا بُری بات نہیں ہے؟ یعنی دہشت گردی تو بُری ہے وہ اسباب پیدا کرنا جن کا نتیجہ دہشت گردی ہے وہ دہشت گردی کے بیج نہیں بوئے جا رہے۔ کیا وہ بُرے نہیں ہیں؟ ہمارے حکمران اسلام سے ڈرتے ہیں۔ زندگی میں اسلام کو عمل دخل نہیں دینا چاہئے۔ صرف مر جائیں تو اسلام میں گھستے ہیں۔ تم کہو ہم شہید ہیں۔ ہمارے کہنے سے تھوڑے شہید ہوں گے وہ تو رب جانے اور تم جانو۔ یعنی مرنے کے بعد سب کو شہادت کی ضرورت ہے کہ ہمارے نام کے ساتھ شہید لکھو۔ زندگی میں وہ اسلام کو ماننے کو تیار نہیں۔ اے مسلمانو! اتنا تو مان لو کہ جتنے حقوق لوگوں کو کافروں نے مسلمانوں سے لے کر دیئے ہیں مسلمانوں سے سیکھ کر دیئے ہیں۔ امریکہ میں، کینیڈا میں، برطانیہ میں، سکنڈے نیویا میں جتنے حقوق شہریوں کو انہوں نے دیئے ہیں وہ مسلمانوں سے سیکھ کر دیئے ہیں اتنے تو دے دو۔ آخرت نہ سہی لوگوں کی دنیا تو بن جائے۔ آخرت تو ایمان سے بنے گی۔ دنیا تو ان کی بھی سنور گئی۔ کم از کم اتنا تو یہاں بھی کرلو۔ تو بہر حال یہ تو قومی، ملکی باتیں ہیں۔ یقیناً میرے مخاطب آپ ہیں اور میرے مخاطب وہ لوگ ہیں جو طالب ہیں تصوف کے، تزکیے کے۔ میں ان کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ معراج تصوف یہ ہے کہ آپ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اتباع پورے خلوص دل سے کریں

و آخر دعوانا ان الحمدللہ رب العلمین

الحمد للہ، الحمدللہ رب العلمین والصلوٰۃ والسلام علی حبیبہ محمد و آلہٖ واصحابہٖ اجمعین۔ اللھم ربنا لا تقتلنا بغضبك ولا تھلكنا بعذابك واعف عنا قبلك ذٰلك۔ اللھم ربنا لاتسلط علینا من لا یرحمنا انت ولینا فی سفرنا وحضرنا وفی مالنا واھلنا انت ولینافی الدنیا والاخرۃ۔ توفنا مسلمین والحقنا باالصلحین۔ اللھم ربنا سھلنا امورنا كلھا فی دیننا ودنیانا۔ رب یسر۔ رب یسر۔ رب یسر ولا تعسر واتمم بالخیر

اللہ کریم رحمت کی بارش نازل فرما۔ اللہ کریم اس ملک کو ہمیشہ ہمیشہ قائم رکھ اور اس پر عدل اور انصاف قائم فرما۔ ہمیں توبہ کرنے کی توفیق عطا فرما۔ اللہ کریم ہم پر یہ عذابِ خانہ جنگی کا مسلط ہے اسے ختم فرما اور ہمیں محبت اور عشق عطا فرما ہمیں دین اور اتباعِ رسالت پر چلنے کی توفیق عطا فرما۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَ لَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَ لَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۥ وَ اغْفِرْ لَنَا ۥ وَ ارْحَمْنَا ۥ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۸۶﴾

وصلی اللہ تعالی علی حبیبہ و آلہٖ واصحابہٖ اجمعین برحمتك یاارحم الرحمین

خوشخبری

حضرت امیر المکرّم کے نو دریافت طبی نسخوں میں اضافہ

حضرت امیر المکرّم مولانا محمد اکرم اعوان مدظلہ صحیح معنوں میں ایک ہمہ جہت شخصیت کے مالک ہیں۔ زندگی کا کوئی شعبہ ایسا نہیں جو ان کی دسترس سے باہر ہو۔ طب و حکمت سے تو بطور خاص ہر دور میں صوفیا عظام اور علماء کرام کو خاص شغف رہا۔ حضرت امیر المکرّم بھی اس شعبہ میں پیچھے نہیں اور مختلف جڑی بوٹیوں اور قدرتی اجزاء سے ایسے نسخہ جات دریافت فرما رہے ہیں جو مختلف بیماریوں سے نجات کے لئے انتہائی موثر ہیں حال ہی میں حضرت امیر المکرّم کے نو دریافت نسخہ جات میں انتہائی خوش آئند اضافہ ہوا ہے۔ ضرورت مند استفادہ کر سکتے ہیں۔

کلسٹرو کیئر
Cholestro Care
Rs.300
کلیسٹرول کو صحیح حالت پر رکھتا ہے

پین گو
Pain Go
Rs.100
ہر طرح کے درد کے لئے مفید ہے

ہیر گارڈ آئل
Hair guard Oil
Rs.500
بالوں کی صحت کے لئے مفید ہے۔

Cough Ez
Rs.30
کھانسی کیلئے گولیاں

ملنے کا پتہ:- دارالعرفان منارہ، ضلع چکوال فون 0543-562200

17-اویسیہ ٹاؤن شپ، لاہور فون 042-5182727

ایمان باللہ اور ایمان بالرسالت

امیر محمد اکرم اعوان 25-09-2009 دارالعرفان منارہ، چکوال

قُلْ یٰۤاَھْلَ الْکِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰی شَیْءٍ حَتّٰی تُقِیْمُوا التَّوْرٰىةَ وَ الْاِنْجِیْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَیْکُمْ
مِّنْ رَّبِّکُمْ ؕ وَ لَیَزِیْدَنَّ کَثِیْرًا مِّنْھُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ طُغْیَانًا وَّ کُفْرًا ۚ فَلَا
تَاْسَ عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ ﴿۶۸﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِیْنَ ھَادُوْا وَ الصّٰبِئُوْنَ وَالنَّصٰرٰی
مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ ﴿۶۹﴾ لَقَدْ
اَخَذْنَا مِیْثَاقَ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ وَاَرْسَلْنَآ اِلَیْھِمْ رُسُلًا ؕ کُلَّمَا جَآءَھُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَھْوٰٓی
اَنْفُسُھُمْ ۙ فَرِیْقًا کَذَّبُوْا وَفَرِیْقًا یَّقْتُلُوْنَ ﴿۷۰﴾ وَحَسِبُوْٓا اَلَّا تَکُوْنَ فِتْنَةٌ فَعَمُوْا وَصَمُّوْا ثُمَّ
تَابَ اللّٰہُ عَلَیْھِمْ ثُمَّ عَمُوْا وَصَمُّوْا کَثِیْرٌ مِّنْھُمْ ؕ وَاللّٰہُ بَصِیْرٌۢ بِمَا یَعْمَلُوْنَ ﴿۷۱﴾ لَقَدْ کَفَرَ
الَّذِیْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الْمَسِیْحُ ابْنُ مَرْیَمَ ؕ وَقَالَ الْمَسِیْحُ یٰبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ اعْبُدُوا
اللّٰہَ رَبِّیْ وَرَبَّکُمْ ؕ اِنَّهٗ مَنْ یُّشْرِکْ بِاللّٰہِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰہُ عَلَیْهِ الْجَنَّةَ وَمَاْوٰىهُ النَّارُ ؕ وَمَا
لِلظّٰلِمِیْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۷۲﴾ لَقَدْ کَفَرَ الَّذِیْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰہَ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ ۘ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّآ اِلٰهٌ
وَّاحِدٌ ؕ وَاِنْ لَّمْ یَنْتَھُوْا عَمَّا یَقُوْلُوْنَ لَیَمَسَّنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا مِنْھُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿۷۳﴾

ان آیات کا مبارکہ کا بامحاورہ ترجمہ یہ ہے کہ فرما دیجئے کہ اے اہل کتاب تمہارے پاس کوئی دلیل نہیں تمہاری دلیل ایک ہی کہ اللہ کی کتاب پر عمل کرو حَتّٰی تُقِیْمُوا التَّوْرٰىةَ وَ الْاِنْجِیْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَیْکُمْ مِّنْ رَّبِّکُمْ ؕ اور اللہ کی جو کتابیں تم پر نازل ہوئی ہیں ان پر قائم ہو جاؤ اپنے نبی پر اترنے والی کتاب پر عمل کرو۔ اگر تمہاری بات اس کتاب کے ہی خلاف ہے جو تم پر نازل ہوئی تو پھر تمہارے پاس کون سی دلیل ہے؟ اور جب تم اپنی کتابوں کو ہی نہیں مانتے تو اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے وَ لَیَزِیْدَنَّ کَثِیْرًا مِّنْھُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ طُغْیَانًا وَّ کُفْرًا ۚ کہ آپ ﷺ پر اللہ کی طرف سے جو پیغام نازل ہوتا ہے اس کی وجہ سے یہ لوگ کفر

اور بغاوت میں اور بڑھ جاتے ہیں انکار میں مزید آگے چلے جاتے ہیں تو آپ ﷺ ایسے لوگوں کے لئے غم نہ کھایا کریں۔

اصول یہ ہے کہ جو لوگ یقینی طور پر ایمان لے آئیں اور ایمان لانے سے پہلے وہ یہودی ہوں، بے دین ہوں، نصاریٰ ہوں، کسی بھی فرقے سے تعلق رکھتے ہوں، جو کوئی اللہ پر، آخرت پر ایمان لے آئے اور نیک عمل کرے اللہ اسے قبول فرمالے گا اسے کوئی خوف خطرہ اور دکھ نہیں ہوگا۔

یہودی و نصاریٰ تو ایسے ہو کہ ہم نے بنی اسرائیل سے بڑے وعدے لئے اور پھر جب ان کے پاس رسولؑ بھیجے تو یہ اپنی خواہشات نفس پر اس طرح جمے ہوئے تھے کہ جب رسولوں کی تعلیم کو اپنی خواہشات نفس کے خلاف دیکھا تو کچھ کی تکذیب کی اور کچھ رسولوں کو تو انہوں نے شہید ہی کر دیا پھر ان اعمال کے بعد یہ امید کرتے تھے کہ ان پر اللہ کی گرفت نہیں آئے گی۔ ہدایات الٰہی کی طرف سے یہ بالکل اندھے اور بہرے بن گئے اور بے تحاشا ظلم کرتے رہے۔ اللہ کریم نے پھر بھی ان کیساتھ رعایت فرمائی انہوں نے اس رعایت کا بھی فائدہ نہ اٹھایا اندھے اور بہرے بن کر بغاوت میں آگے ہی بڑھتے رہے اور یہ بھول گئے کہ اللہ کریم ہر کام کو خود ملاحظہ فرما رہا ہے۔

یہود و نصاریٰ نے اور خصوصاً یہودیوں نے حضور ﷺ کی بعثت سے لیکر آج تک یہ بیڑا اٹھایا ہوا ہے کہ ہر قدم پر اسلام کی مخالفت کرنی ہے۔ ظہور اسلام کے وقت مشرکین مکہ انہی یہودیوں کے پاس یثرب جاتے اور یہ انہیں حضور ﷺ پر اعتراضات سکھا کر مکہ بھیجتے۔ عہد جاہلیت میں مدینہ منورہ کا نام یثرب تھا اور یہ اچھا نام نہیں ہے یثرب سے مراد ہے تکلیف دہ جگہ اس زمانے میں یہاں ایک خاص قسم کی مکھی ہوتی تھی جس کے کاٹنے سے بخار ہو جاتا تھا تو جو بھی وہاں جاتا وہ بیمار ہو جاتا اس بناء پر یثرب تکلیف دہ آبادی کے معنوں میں استعمال ہوتا تھا آپ ﷺ کی مدینہ آمد نے مدینہ کو مدینۃ النبی ﷺ بنا دیا مدینہ منورہ بنا دیا ہے اور حضور ﷺ کی تشریف آوری کے بعد یہ کیفیت ہمیشہ کے لئے ختم ہوگئی اور مدینہ منورہ ذات نبی علیہ السلام کی خوشبو سے مہک رہا ہے۔

فرمایا: قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰى شَيْءٍ

ان سے کہئے تمہارے پاس کیا دلیل ہے تم کس دلیل سے بات کرتے ہو۔ تمہارے پاس تورات ہے، انجیل ہے، اگر تم اس کتاب کے مطابق بات کرو تو اس میں نبی کریم ﷺ کی بعثت کی پیشن گوئی موجود ہے پھر تمہیں حضور ﷺ کو اللہ کا رسول ماننا چاہئے اور اگر تم اللہ کی اس کتاب کو بھی تسلیم نہیں کرتے جو تمہارے پاس ہے تو پھر تمہارے پاس اپنے رویے اور اپنے عمل کی کوئی دلیل نہیں ہے پھر تو تم محض بحث برائے بحث کر رہے ہو ورنہ کتاب الٰہی پر ایمان لانے، نبیؐ پر ایمان لانے کی خصوصیت ہی یہ ہوتی ہے کہ جس کو کوئی شمہ برکات کا نصیب ہو جائے اسے نور ایمان نصیب ہو جاتا ہے معرفتِ الٰہی اور قربِ الٰہی نصیب ہو جاتا ہے لیکن جب کوئی جان بوجھ کر ضد کر کے انکار کرتا ہے تو وہ انکار اسے گمراہی اور بغاوت میں اور بڑھا دیتا ہے وہ بہت بڑا مجرم بن جاتا ہے۔ ان کی بدنصیبی دیکھئے!

وَمَآ اُنۡزِلَ اِلَيۡكُمۡ مِّنۡ رَّبِّكُمۡ ؕ: جو کچھ آپ ﷺ پر آپ کے پروردگار کی طرف سے نازل ہوا ہے یہ بہت بڑی نعمت ہے اور اتنا بڑا انعام ہے جو کفر کی ظلمت سے نکال کر نور ہدایت میں لانے کا سبب ہے اللہ کی دوری سے اللہ کے قرب میں لانے کا ذریعہ ہے لیکن یہ ایسے بدنصیب ہیں کہ کلامِ الٰہی ان کی گمراہی کا سبب بن رہا ہے یہ ضد میں آ کر انکار کئے جا رہے ہیں اور یہ انکار انکی مزید بدبختی کا سبب بنتا چلا رجا رہا ہے جو کلام ان کی ہدایت کے لئے نازل ہوا تھا اس سے ان میں گمراہی بڑھ رہی ہے فَلَا تَاۡسَ عَلَى الۡقَوۡمِ الۡكٰفِرِيۡنَ تو آپ ﷺ ایسے لوگوں کا غم نہ کھایا کریں جو اللہ کے کلام اور آپ ﷺ کی نبوت کا انکار کریں حقائق کا انکار کریں اور نہ ان پر افسوس کیا کریں۔

حضور اکرم ﷺ رحمۃ العلمین ہیں سارے جہانوں کے لئے باعث رحمت ہیں آپ ﷺ کے قلب اطہر میں سب کے لئے رحمت ومحبت کا سمندر موجزن ہے تو حضور ﷺ کو ان کفار کے کفر کا بھی رنج ہوتا تھا کہ یہ ایسے بدنصیب ہیں کہ رحمۃ اللعالمین کی بعثت کے بعد بھی جہنم میں جائیں گے اس پر اللہ کریم نے فرمایا کہ جو لوگ اس کتاب ہدایت کے نزول کے بعد پھر گمراہی میں پڑ جاتے ہیں گمراہی پسند کرتے ہیں اسے اختیار کرتے ہیں اور کتاب ہدایت کا انکار کرتے ہیں ان لوگوں پر آپ ﷺ افسوس نہ کیجئے یہ ان کا اپنا انتخاب ہے۔ اللہ نے فرمایا ہاں یہ میرا وعدہ ہے یہ پکی اور یقینی بات ہے کہ قرآن کے نزول سے پہلے آپ ﷺ کی بعثت سے پہلے یا آپ ﷺ پر ایمان لانے سے پہلے کوئی کچھ بھی ہو

اِنَّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَالَّذِيۡنَ هَادُوۡا وَالصّٰبِـُٔوۡنَ وَالنَّصٰرٰى مَنۡ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالۡيَوۡمِ الۡاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًـا فَلَا خَوۡفٌ عَلَيۡهِمۡ وَلَا هُمۡ يَحۡزَنُوۡنَ ۝۶۹

یہودی ہو یا نصرانی صابی یعنی بے دین ہو کوئی بھی ہو وہ اللہ پر ایمان لے آئے میری عظمت کو مان لے اور آخرت پر یقین کر لے اللہ کے رسول ﷺ کو نہ ماننا اللہ کا انکار کرنا ہے۔ یہاں یہ بات سمجھ آتی ہے کہ بندے کے لئے اللہ پر ایمان لانا بغیر ایمان بالرسالت کے ممکن ہی نہیں۔ کسی کے پاس کیا دلیل ہے کہ اللہ وحدہ لاشریک ہے؟ کیا دلیل ہے کہ یہ کتاب اللہ کی کتاب ہے؟ کیا دلیل ہے کہ فرشتوں کا وجود ہے؟ کیا دلیل ہے کہ آخرت ہے؟ کیا دلیل ہے کہ آخرت کے بعد زندگی ہے؟ دلیل صرف ایک ہے پہلی آخری اور حتمی دلیل یہ ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے بتایا کہ اللہ وحدہ لاشریک ہے یہ کتاب الٰہی ہے اور یہ کہ فرشتے آخرت، حساب کتاب سب حق ہیں۔ یہ سوال تو بعثت عالی سے پہلے بھی تھے اور دنیا میں بڑے بڑے فلسفی اور دانشور ہو گزرے تو انہوں نے اتنا آسان جواب کیوں نہ دے دیا؟ اس لئے کہ ان کے پاس کوئی دلیل نہیں تھی۔ حضور ﷺ کو مبعوث فرمایا کر اللہ نے دلیل قائم کر دی کہ جیسا میرا رسول ﷺ میرا تعارف کروائے اللہ کو ویسا ہی ماننا ایمان ہے اور ضروری ہے۔ اسی لئے فقہ کی کتابوں میں لکھا کہ بچہ جب ہوش سنبھالے تو اسے بتایا جائے اللہ پر ایمان کیسے لایا جائے اسے سکھائیں کہ وہ کہے میں اس اللہ کو مانتا ہوں جس کو حضرت محمد ﷺ جو حضرت عبداللہ کے بیٹے حضرت عبدالمطلب کے پوتے جو مکہ میں

پیدا ہوئے مکہ میں مبعوث ہوئے ہجرت کر کے مدینہ منورہ تشریف لے گئے جو روضہ اطہر میں آرام فرما ہیں جس اللہ کو جیسا منواتے ہیں میں اس اللہ کو ویسا مانتا ہوں ورنہ اللہ کو ماننے کے لئے تو ہر قوم نے کوئی نہ کوئی عقیدہ گھڑا ہوا۔ ہر ایک کسی غیبی طاقت کو مانتا ہے جو سب سے بڑی ہے اسی لئے کوئی پہاڑ کو معبود مانتا ہے تو کوئی کسی جانور کو ہر شخص کو اپنا اپنا ادراک ہے لیکن اللہ کو ماننے کا مطلب یہ ہے کہ ویسا مانا جائے جیسے ماننے کا حکم اللہ کے رسول ﷺ نے دیا ہے پھر اس کے ساتھ رسول ﷺ پر ایمان لانا ضروری ہو گیا کہ کوئی اگر اللہ کے رسول ﷺ کو نہیں مان رہا تو پھر وہ اللہ کا بھی انکار کر رہا ہے۔ اس کے پاس کوئی دلیل نہیں ہے کہ وہ اللہ کو مانے۔

وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿٦٩﴾

پھر اللہ پر ایمان اور آخرت پر ایمان کی گواہی اس کے اعمال بھی دیں یعنی وہ اعمال صالحہ بھی کرے۔ علماء حق فرماتے ہیں کہ ایمان لانا اور مسلمان ہونا ایک دعویٰ ہے کہ ایمان ہے اور دعویٰ کی دلیل بندے کا کردار ہے۔ بندے کے اعمال ہی اس کے مسلمان ہونے پر گواہ ہیں اگر اس کے اعمال وہ ہیں جن کا اسلام حکم دیتا ہے تو اس کا ایمان کا دعویٰ سچا ہے اور اگر اس کے اعمال وہ نہیں تو پھر وہ محض دعویٰ کر رہا ہے اور اس کے دعوے کو سچا ثابت کرنے کے لئے اس کے پاس کوئی دلیل نہیں۔ اس لئے قرآنِ حکیم میں جہاں ایمان کا ذکر آتا ہے وہاں اعمال صالحہ کی بات لازماً آتی ہے۔ لیکن عمل صالح کی تعین ہونا ضروری ہے کہ کون سے عمل کو صالح کہا جائے۔ اگر اس کی تعین افراد پر چھوڑ دی جائے تو ہر شخص کا عمل صالح الگ الگ معیار کا ہو گا لہٰذا قرآنِ حکیم نے یہ طے کر دیا ہے کہ صرف وہی عمل صالح ہے جو نبی کریم ﷺ نے پسند فرمایا اس کے کرنے کا حکم دیا اور جو عمل آپ ﷺ کی سنت اور آپ کے منشاء کے خلاف ہے وہ عمل صالح نہیں ہو سکتا یعنی عمل میں صلاحیت کا معیار ہیں محمد رسول ﷺ تو فرمایا اے میرے حبیب ﷺ آپ بے شک رحمۃ اللعالمین ہیں آپ کو دشمنوں کے لئے بھی دکھ محسوس ہوتا ہے کہ یہ جہنم کیوں جائیں! لیکن میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ کوئی کیسا بھی ہو جب وہ آپ ﷺ پر اعتبار کر کے مجھ پر ایمان لے آئے میری عظمت قبول کر لے آخرت پر یقین حاصل کر لے اور اس کی دلیل یہ ہے کہ اس کا کردار سدھر جائے آپ ﷺ کے طریقے کے تابع ہو جائے **فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿٦٩﴾** پھر اسے نہ کوئی ڈر ہو گا نہ حزن خوف آنے والے وقت سے متعلق ہے کہ نجانے کل میرے ساتھ کیا ہو گا اور حزن کا معنی ہے افسوس، ملال، دکھ جیسے کافر کو ملال ہو گا افسوس ہو گا کہ اس نے زندگی کیوں ضائع کر دی۔ فرمایا جو ایمان لے آئے اور آپ کے طریقے پر ہر عمل خلوص نیت سے کرے تو نہ اسے گزشتہ کا افسوس ہو گا نہ آئندہ کا خوف اسے اللہ ہر طرح سے امن عطا کریگا۔

لَقَدْ أَخَذْنَا مِيثَاقَ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَأَرْسَلْنَا إِلَيْهِمْ رُسُلًا ۖ كُلَّمَا جَاءَهُمْ رَسُولٌ اور رہے یہ بنی اسرائیل تو آپ ان کا دکھ نہ کیجئے اس لئے کہ یہ آج کی بات نہیں ہم نے پہلے بھی بہت مرتبہ ان سے عہد لئے انہوں نے وعدے کئے اور پھر جب ہم نے ان کے پاس اپنے نبیؑ اور رسولؑ بھیجے۔ **بِمَا لَا تَهْوَىٰ**

اَنْفُسُهُمْ ۙ فَرِيْقًا كَذَّبُوْا وَفَرِيْقًا يَّقْتُلُوْنَ ﴿۷۰﴾ تو یہ ایسے بد نصیب تھے کہ انبیاءؑ کے دشمن بن گئے۔ انبیاءؑ ورسلؑ تو بندوں کی ہدایت کے لئے مبعوث کئے گئے انہیں ماننے کا مطلب تو یہ ہے کہ اس روش کو ترک کر دیا جائے جو نفسانی خواہشات کی اندھا دھند پیروی پر مشتمل ہے اور اس روش کو اپنا لیا جائے جس کی تعمیل کا اللہ حکم دیتا ہے۔ بندہ اپنی خواہشات الگ کر دے اپنی مرضی چھوڑ دے اور اللہ اور اللہ کے نبیؐ کے احکام ماننا شروع کر دے کہ نبیؐ کی تعلیمات تو ہمیشہ حق وانصاف پر مبنی ہوتی تھیں اور کسی فرد کی خواہشات کی تکمیل کے لئے نہیں تھیں اللہ کے احکامات میں ساری مخلوق کا تحفظ تھا لیکن انہوں نے جب یہ دیکھا کہ کتاب اللہ کے احکامات ان کی خواہشات کے خلاف ہیں تو ان بدنصیبوں نے بہت سے رسولوں کا انکار کر دیا ان کی نبوت کا انکار کر دیا اور اسی پر بس نہیں کیا۔ انہوں نے اللہ کے بہت سے رسولوں کو شہید بھی کر دیا۔ ماننا تو درکنار انہوں نے انبیاءؑ کو شہید کر دیا اور اتنا ظلم کرنے کے بعد وَحَسِبُوْٓا اَلَّا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ ان کا یہ خیال تھا کہ ان پر کوئی گرفت نہیں آئے گی یعنی یہ اللہ کی گرفت سے ہی بے خوف ہو گئے۔ حقیقت یہ ہے کہ بندہ اس وقت ہی جرم کرتا ہے جب اسے گرفت کا احساس نہیں رہتا وہ باور کرتا ہے کہ کوئی اس کا کیا کر لے گا! لیکن اس کی مخلوق ہو کر عاجز بندہ ہو کر، اس کی دی ہوئی نعمتیں کھا کر اسی کی نافرمانی کرنا یہ بہت ہی بڑا جرم ہے۔ فَعَمُوْا وَصَمُّوْا ثُمَّ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ثُمَّ عَمُوْا وَصَمُّوْا كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ ۭ لیکن انہیں یہ احساس ہی نہ رہا گویا ان کے کان بند ہو گئے ان کی آنکھیں بند ہو گئیں اور ان کے دل بے حس ہو گئے اور بے خطر گناہ کرتے رہے انبیاءؑ کو شہید کرنے سے بھی باز نہ آئے۔ لیکن اللہ ایسا کریم ہے کہ اس نے پھر بھی ان کو مہلت دی ان کی روزی بند نہیں کی ان کی سانسیں نہیں روکیں انہیں روشنی، ہوا، پانی، رزق، ہر نعمت عطا کرتا رہا لیکن ان کا دل اس طرح مردہ ہو چکا تھا کہ جوں جوں انہیں فرصت عمل ملتی گئی وہ مزید اندھے اور بہرے ہوتے گئے گناہ ہی میں آگے بڑھتے چلے گئے ان کی اکثریت اسی روش پر کاربند رہی۔ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۷۱﴾ حق یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر عمل کو دیکھ رہے ہیں بندہ جو عمل بھی کرتا ہے وہ روز روشن میں کرے یا رات کی تاریکی میں چھپ کر کرے وہ کسی تاریک کمرے میں کرے یا برملا کرے ہر عمل کو اللہ کریم دیکھ رہے ہیں۔

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ۭ وَقَالَ الْمَسِيْحُ يٰبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ ۭ اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَاْوٰىهُ النَّارُ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۷۲﴾

یہ لوگ کفر میں اتنے آگے بڑھ گئے کہ اللہ نے جو رسولؑ ان کی طرف بھیجا اس کی نسبت کہنے لگے کہ مسیح ابن مریم اللہ کے بیٹے ہیں۔ حالانکہ عیسیٰؑ کی تعلیمات یہ تھیں کہ اے اہل بنی اسرائیل اللہ کی عبادت کرو وہ میرا بھی رب ہے تمہارا بھی رب ہے میرا پالنے والا اور نعمتیں دینے والا بھی اللہ ہے اور تم سب کو بھی پالنے والا اور نعمتیں دینے والا بھی اللہ ہی ہے۔ لہٰذا صرف اسی کی عبادت کرو اور جان رکھو کہ یہ بات یقینی ہے کہ جو اللہ کے ساتھ کسی کو شریک کریگا۔

وَمَاْوٰىهُ النَّارُ اس کا انجام جہنم ہوگا وہ جہنم کی آگ میں جلے گا اور یہ بھی یاد رکھو وَمَا لِلظّٰلِمِیْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۷۲﴾ مشرکین کا کوئی مددگار نہیں ہوگا کوئی انہیں جہنم سے بچا نہیں سکے گا۔

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِیْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ ۘ یہ لوگ کافر ہوگئے جنہوں نے کہا اللہ تین میں ہے اور تین میں سے ایک ہے یہ کہنا صریح کفر ہے اور یہ لوگ تثلیث کا عقیدہ رکھنے کے بعد قطعی کافر ہوگئے وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّآ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۭ حالانکہ سوائے اللہ کے کوئی الہ نہیں کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ اللہ کے سوا کوئی ہستی نہیں جس کی عبادت کی جائے۔ عبادت یہ ہے کہ کسی نفع کی امید میں یا کسی نقصان کے ڈر سے کسی کی اطاعت کی جائے اگر کسی سے نفع کی امید پر اللہ کے حکم کے خلاف اس کی اطاعت کی جائے تو گویا اسے رب مان لیا گیا یا کسی سے خطرہ ہو کہ اس کی بات نہ مانی تو وہ نقصان پہنچائے گا اور اس کی بات اللہ کے حکم کے خلاف ہو اور پھر بھی نقصان کے ڈر سے مان لی جائے۔ اور اللہ کی نافرمانی کر کے اس کی اطاعت کی جائے تو یہ اس انسان کی عبادت کرنا ہوگا۔ فرمایا جب ان لوگوں نے یہ کہا کہ اللہ تین میں ایک اور ایک میں تین ہے تو یہ کافر ہوگئے ان کے کفر میں کوئی شبہ نہ رہا۔ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِیْنَ میں لَقَدْ تاکید کے لئے لگایا گیا ہے کہ یہ لوگ تو یقیناً کافر ہوگئے حالانکہ حق یہ ہے کہ سوائے اللہ تعالیٰ کے کوئی دوسرا ایسا نہیں ہے جس کی عبادت کی جائے۔ وَاِنْ لَّمْ یَنْتَهُوْا عَمَّا یَقُوْلُوْنَ لَیَمَسَّنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿۷۳﴾ اور اگر یہ ان باتوں سے باز نہ آئے تو یہ بات یقینی ہے کہ ان کافروں کو بڑے دردناک عذاب دیئے جائیں گے۔

عذاب کا ظہور صرف آخرت میں نہیں ہوتا:

عذاب الٰہی کردار و اعمال پر مرتب ہوتا ہے جو کردار یہود و نصاریٰ کا تھا جس کردار پر عذاب الٰہی کی وعید یہود و نصاریٰ کو سنائی گئی وہی کردار کلمہ گو مسلمان اپنائے گا تو اسی عذاب الیم سے وہ بھی دوچار ہوگا کہ اللہ کا عذاب اعمال پر واقع ہوتا ہے۔ حتمی اور مکمل عذاب تو آخرت میں ملے گا یہ عذاب برزخ میں بھی ہوتا ہے اور دنیا میں بھی ہوتا ہے۔ نبی کریم ﷺ کی بعثت کے بعد آپ ﷺ کی برکت سے اقوام پر آنے والے اجتماعی عذاب ختم کر دیئے گئے۔ آپ ﷺ سے پہلے قوموں کی قومیں غرق ہو جاتی تھیں۔ خنزیر اور بندر بن جاتی تھیں۔ آپ ﷺ کی بعثت کے بعد قیامت تک کبھی اجتماعی عذاب نہیں آئیگا لیکن عذاب کی مختلف صورتیں واقع ہوتی رہتی ہیں جیسے باوجود میڈیکل تحقیق کے، دواؤں کی جدید دریافت کے ایڈز جیسا مرض پھیل گیا کیا یہ عذاب الٰہی کی صورت نہیں؟ ابھی اس مصیبت سے چھٹکارا نہیں ہوا تھا کہ Swine Flue آ گیا۔ ہندوستان کے جریدے نے اس کا ترجمہ کیا ہی خوب کیا ہے اس نے اسے ''خنزیری بخار'' کا نام دیا ہے۔ یہ بھی عذاب الٰہی کی صورت ہے۔

کلمہ گو مسلمان عذاب الٰہی کی لپیٹ میں کیوں؟

کلمہ گو مسلمان جس طرح غیر مسلم اقوام کی تقلید میں ان کے کردار و اخلاق کو اختیار کرتے چلے جارہے ہیں اسی طرح ان کو یہ مصیبتیں بھی وراثت میں ملتی چلی جارہی ہیں مغربی اقوام سے ایڈز پاکستان میں بھی آچکا ہے۔ اور اب خنزیری بخار کا مریض بھی

پاکستان میں پایا گیا ہے۔ یہ عذاب پاکستان میں کیسے آ گئے؟

وجہ یہی ہے کہ دعوے کے اعتبار سے تو ہم مسلمان ہیں کردار کے اعتبار سے نہیں۔ عملی زندگی میں ہم وہی کردار اپنانا چاہتے ہیں جو یہود و نصاریٰ کا ہے تو پھر فیصلے تو کردار پر ہی ہوتے ہیں جن کرتوتوں کی وجہ سے ان پر عذاب آ رہے ہیں اگر وہی کرتوت ہم کرینگے تو اس مصیبت میں ہمیں بھی حصہ دار ہونا پڑیگا۔ لیکن ہمیں اس بات کی سمجھ کیوں نہیں آتی؟ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے جو قرآن حکیم میں پہلے گزر چکی ہے یعنی اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ

ایمان باللہ میں ایمان بالرسالت بھی داخل ہے:

جب اللہ پر ایمان کی بات ہوگی تو ایمان باللہ میں ایمان بالرسالت اور ایمان بالآخرت شامل ہے۔ یعنی جب ایمان باللہ کی بات ہوتی ہے تو تمام ضروریات دین اس میں آ جاتی ہیں کہ جس نے اللہ کو مانا اس نے اللہ کی ساری باتوں کو مانا اس نے رسولوں کو مانا، فرشتوں، کتابوں، حساب کتاب، قبر کے سوال جواب، جنت دوزخ، آخرت سب کو مانا اسے کہتے ہیں ضروریات دین۔ ان میں سے کسی ایک کا انکار پورے دین کا انکار ہے۔ اس کے باوجود قرآن حکیم میں آخرت کا ذکر علیحدہ سے فرما کر عقیدہ آخرت کے انسانی کردار پر اثرات کی اہمیت کو واضح کیا گیا ہے۔ اس لئے کہ لوگ کلمہ تو پڑھ لیتے ہیں لیکن آخرت کا یقین نہیں کرتے۔ اگر آخرت کا یقین کر لیں تو کردار بدل جاتا ہے۔ ہم کلمہ گو ہیں تو پھر ہمارا کردار کیوں نہیں بدلتا؟ ہم کیوں حرام کھاتے ہیں؟ کیوں جھوٹ بولتے ہیں؟ کیوں دوسروں کی حق تلفی کرتے ہیں کیوں ذخیرہ اندوزی کر کے اللہ کے بندوں کو افلاس میں مبتلا رکھتے ہیں؟ ہم لوگوں کو بنیادی ضروریات زندگی سے محروم کر کے پھر کیوں غریبوں کی بے بسی کا تماشا دیکھتے ہیں۔ ہمارے ملک میں وافر غلہ پیدا ہوا اور لوگ اس کی تلاش میں سڑکوں پر ڈنڈے کھا رہے ہیں ایسا کیوں ہوتا ہے؟ ہم اجارہ داری بنا کر لوگوں سے مال چھینتے ہیں اور ان کی عزت نفس کو بھی کچلتے ہیں ہم ایسا کیوں کرتے ہیں؟ اس لئے ہمیں یہ یقین نہیں کہ اس کردار کا محاسبہ ہوگا! ہمیں اس کردار کی جوابدہی کرنی ہوگی۔ اس پر ہمیں سزا ملے گی۔ ہم نے تو یہ سمجھ لیا ہے کہ ہم نے یہ کہہ دیا ہے کہ ہم مسلمان ہی۔ اب ہم موج کرتے رہیں، جو جی چاہے وہ کیا کریں۔ ہماری یہی مسلمانی کافی ہے۔ ہمارے تاجر پیشہ لوگوں میں سے شاید ہی کوئی حاجی نہ ہو یہ ہر سال حج اور عمرے پر جاتے ہیں حج اور عمرہ تو کر آتے ہیں اپنے کاروبار میں وہ روش نہیں لاتے جو نبی کریم ﷺ نے بتائی ہے جس کا حکم اللہ کا دین دیتا ہے یہ لوگ ذخیرہ اندوزی کر کے لوگوں کو مصیبت میں کیوں ڈالتے ہیں؟ ناجائز منافع کیوں لیتے ہیں؟ اس لئے کہ یہ ساری عبادات رسماً کرتے ہیں۔ عبادت تو وہ ہے جو حضور ﷺ نے سکھائی جس عبادت کا نتیجہ انسان کو اللہ کے آگے جوابدہ بناتا ہے لیکن ان لوگوں کو آخرت کا یقین نہیں انہیں عظمت الٰہی کا احساس نہیں انہیں یہ احساس ہی نہیں کہ کل اللہ کے آگے پیش ہو کر ان اعمال کا حساب دینا ہے یہ حکومتی اداروں کی باز

پرس کا بھی توڑ نکالنا جانتے ہیں انہیں حکومتی اداروں کی باز پرس کی بھی کوئی پرواہ نہیں۔ سپریم کورٹ حکم دیتی ہے اور کوئی مانتا ہی نہیں عدالتیں تو حکم ہی دے سکتی ہیں عمل درآمد نہیں کرواسکتیں عمل درآمد تو حکومتی مشینری کے کروانا ہے اور حکومت کے ارکان خود ذخیرہ اندوزی کر رہے ہیں تو انہیں دنیا میں کون پوچھے؟ لیکن ایک ہستی ایسی ہے جو یہ سب دیکھ رہی ہے آخرت کی جواب دہی سے پہلے اسی دنیا میں ان کو اپنے کردار کے اثرات ملتے ہیں آخرت کے عذابوں کا ہلکا سا اثر دنیا میں بھی مل کر رہتا ہے۔ یہی دنیا اور یہی عدالتیں نہیں ہیں ہر انسان کے کردار کا محاسبہ ہونے والا ہے اور اس عدالت میں ہونے والا ہے جو قادر مطلق خالق کائنات کی عدالت ہے۔ وہ عدالت فیصلہ کریگی اور اس پر عملدرآمد بھی کروائے گی وہ طاقت کا سرچشمہ ہے وہ چاہے کر سکتا ہے۔

اسی ذات نے ایمان کے ساتھ اعمال صالحہ کی شرط لگا دی کہ نرا دعویٰ کر لینا صرف کلمہ پڑھ لینا کافی نہیں بندے کا کردار اس کی عملی زندگی بھی گواہی دے کہ یہ شخص مسلمان ہے۔

فرمایا میرے نبی عیسیٰؑ نے تو انہیں بتایا تھا کہ صرف اللہ کی عبادت کرو جو میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی رب ہے اور یہ یاد رکھو کہ جو اللہ کے ساتھ شریک کریگا۔ وہ بخشا نہیں جائیگا اس کا ٹھکانہ دوزخ ہوگا ایسے لوگوں کی مدد کو بھی کوئی نہیں آسکے گا لیکن اس کے باوجود انہوں نے اصلاح کی روش نہیں اپنائی تو جو جہنم جانے کے لئے اتنی ضد کرے تو اے میرے حبیب ﷺ آپ ان کا افسوس نہ کریں آپ ان کے لئے دکھی نہ ہوا کریں۔

ہوائی جہاز میں نماز کی ادائیگی

یہ بات بہت عرصہ علماء کے درمیان رہی کہ ہوائی جہاز پہ نماز ادا ہوتی ہے یا نہیں؟ اسلئے کہ سمندری جہاز کا بھی رابطہ زمین سے ہے، ریل کار، گاڑی، موٹر، جس چیز پہ بھی کوئی نماز ادا کرتا ہے، اسکا رابطہ زمین سے ہے لیکن ہوائی جہاز کا رابطہ زمین سے نہیں ہوتا کیونکہ وہ ہوا میں معلق ہوتا ہے۔ اب فقہاء کی رائے ہے کہ چونکہ تحت الثریٰ سے لیکر عرش معلیٰ تک بیت اللہ ہی ہے اور اسکے انوارات عرش عظیم سے لیکر تحت الثریٰ تک جاتے ہیں لہٰذا اگر کوئی مجبوری ہے اور وہ ہوائی جہاز میں ہے تو بجائے قضا کرنے کے جہاز میں ہی بیت اللہ شریف کی طرف رخ کر کے اپنی نماز کی نیت کر لے۔ پھر سواری جدھر مڑتی ہے، مڑتی جائے لیکن نیت کرتے وقت رخ بیت اللہ کی طرف ہو اور اگر کوئی ایسی جگہ ہے رخ کا پتہ نہیں چلتا تو اندازہ کر لے اور اس پہ نیت کر لے۔

(اقتباس از اکرم التفاسیر اول)

روح و جسم

روح جو ہے وہ عالم خلق سے نہیں قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّیْ اور امر ربی جو ہے یہ صفت ہے ذات باری کی۔ مخلوقات جو ہیں۔ انکی ابتداء بھی ہے اور انتہا بھی ہے لیکن صفات کی نہ ابتداء ہے نہ انتہا ہے۔ جس طرح ذات قدیم ہے، اسی طرح اسکی صفات بھی قدیم ہیں اور امر صفت ہے ذات باری کی اور روح متعلق ہے امر ربی سے تو اس مشت خاک میں آپنے امر کو سمو دیا، جسے ہم روح کہتے ہیں اور اسطرح سے سمو دیا کہ وہ جسم کا ایک حصہ بن گئی۔ اسکا جسم بھی باقی جانوروں کی طرح مادّی تھا، بدن کی ضروریات مادّی تھیں، لذّات مادّی تھیں تو اسلئے جسم کی تمام ضرورتوں کا مرکز زمین قرار دیا گیا کیوں کہ اس کی ساری ضرورتیں زمین ہی سے پوری ہوتی ہیں لیکن روح مخلوق سے بالاتر اللہ کے اوصاف میں سے اور عالم امر سے ہے تو اسی طرح اسکی غذا بھی عالم امر سے حاصل ہوگی۔

(اقتباس از تعلیمات و برکات نبوتؐ)

تعاون
اسلم ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ
مینوفیکچررز آف پی سی یارن
پُل کوریاں سمندری روڈ فیصل آباد فون 2-041-2667571

پیوستہ رہ شجر سے اُمید بہار رکھ

امیر محمد اکرم اعوان 09-9-19 دارالعرفان منارہ چکوال

اعوذ بالله من الشيطن الرجيم O

بسم الله الرحمن الرحيم

تَرَى الظّٰلِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا كَسَبُوْا وَ هُوَ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ؕ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ
عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ رَوْضٰتِ الْجَنّٰتِ ۚ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ ذٰلِكَ
هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ﴿۲۲﴾ ذٰلِكَ الَّذِيْ يُبَشِّرُ اللّٰهُ عِبَادَهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا
الصّٰلِحٰتِ ؕ قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى ؕ وَ مَنْ يَّقْتَرِفْ
حَسَنَةً نَّزِدْ لَهٗ فِيْهَا حُسْنًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ﴿۲۳﴾

ان آیات مبارکہ کا مرکزی مضمون ہے کہ دامن پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم ہاتھ سے چھوٹنے نہ پائے تو بہار کی امید رکھی جاسکتی ہے۔اللہ کا دین، اللہ کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم، اللہ کی کتاب یہ سب نعمتیں اس لئے ہیں کہ یہ بندے کو اللہ کی عظمت سے آشنا کردیں بندہ اپنے رب سے پیوستہ ہوجائے یہی مقصد ہے باقی سارے وسائل ہیں۔

دار دنیا کا نظام اپنی روش پر چلتا رہتا ہے انسان اپنی اپنی باری سے یہاں آتے ہیں اپنا اپنا کردار ادا کرتے ہیں اور چلے جاتے ہیں لوگوں کو وہ کام بھی بھول جاتے ہیں جو انہوں نے کیے اور وہ لوگ بھی یاد نہیں رہتے لیکن ہر عمل کرنے والے کے عقیدے کا مرہون منت ہوتا ہے۔ ہر عمل کی بنیاد عقیدے پر ہوتی ہے۔اگر بندہ برائی کرتا ہے زیادتی کرتا ہے تو وہ اس کے عقیدۂ آخرت کی کمزوری کے سبب سے ہوتا ہے اور اگر بندہ نیکی اور بھلائی کرتا ہے تو وہ بھی اس کے عقیدے کی قوت کے سبب ہوتی ہے۔بعض لوگوں کا عقیدہ درست نہیں ہوتا لیکن وہ بھلائی کے کام کرجاتے ہیں مثلاً ہمارے ہاں ایسے ہسپتال موجود ہیں جو غیر مسلموں نے بنائے۔ پانی کے کنوئیں اور اسی طرح کے دیگر رفاعی کام کافر بھی کرگئے ہیں۔ قانون قدرت یہ ہے کہ اللہ کسی کافر کی بھلائی بھی ضائع نہیں کرتا اس کا اجر اسے دنیا ہی میں دے دیتا ہے۔ آخرت کا اجر کافر اس لئے

نہیں پاسکتا کہ اس آخرت پر ایمان نہیں اس نے نہ اللہ کے نبیؐ کی بات پر اعتماد کیا نہ رسالت پر ایمان لایا نہ اللہ پر ایمان لایا نہ اطاعت الٰہی میں بھلائی کی اس کا مقصد یا دینوی شہرت ہوتی ہے یا کسی بیماری اور مصیبت سے خلاصی ہوتی ہے وہ یا کسی مصیبت سے بچاؤ کے لئے کرتا ہے اور چونکہ وہ بھلائی کرتا ہی کسی دنیاوی مقصد کے لئے ہے اور آخرت پر اعتماد و یقین ہی نہیں رکھتا تو وہ بھلائی کرنے کے باوجود کافر ہی رہتا ہے آخرت کو اگر وہ مانے گا تو اسے لازماً نبی ﷺ پر ایمان لانا ہوگا کہ وہ نبیؐ سے سن کر ہی مانے گا پھر وہ نبی پر ایمان لائے گا تو اللہ کو بھی مانے گا۔

تَرَى الظّٰلِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا كَسَبُوْا فرمایا عدم اطاعت کرنے والے اپنے اعمال کو مجسم صورت میں دیکھ کر لرز رہے ہوں گے۔ جو لوگ ظلم کر کے بھول جاتے ہیں انہیں اپنے مظالم کو روز حشر مجسم صورت میں دیکھنا ہوگا۔ ظلم کیا ہے؟ عربی لغت میں اس کے معنی ہیں وضع الشیٔ فی غیر محلہٖ کسی چیز کو ایسی جگہ رکھنا جو اس کے رکھنے کی صحیح جگہ نہ ہو۔ اور سب سے بڑا ظلم کیا ہے؟ قرآنِ حکیم میں ارشاد ہے اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ (لقمٰن آیت 13) سب سے بڑا ظلم اللہ کی ذات یا صفات میں کسی کو شریک ٹھہرانا ہے۔ ہر جرم ظلم ہے اس لئے ہر وہ کام جو اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ کے حکم کے خلاف ہوگا وہ ظلم ہے۔ امور انجام دینے میں کچھ کام سنت ہیں اور کچھ مستحب، بعض امور سنن عادیہ ہیں جیسے وضع قطع، لباس، کھانا پینا، حضور ﷺ کے عہدہ مبارک میں کھانے مختلف تھے جو آج اسی صورت میں دستیاب نہیں تو اگر کوئی اس طرح کا لباس پہنتا ہے یا اس طرح کی ترکیب اور اجزاء اکھٹے کر کے ویسا کھانا بناتا ہے اس طرح کا کھانا کھاتا ہے تو وہ سنن عادیہ میں سے ہے ایسا کرنے پر اجر پائے گا۔ بعض امور مستحبات ہوتے ہیں یعنی کریں تو اچھی بات ہے نہ کریں تو جرم نہیں۔ بعض مباحات ہوتے ہیں کرنے نہ کرنے کا اختیار ہے دونوں طرح کوئی حرج نہیں۔ اس سے آگے نواہی شروع ہو جاتے ہیں کوئی چھوٹی بات ہے کوئی بڑی کوئی چھوٹا جرم ہے کوئی بڑا اور سارے جرائم بنیادی طور پر ظلم ہیں عدم اطاعت ظلم ہے۔ یہاں تو لوگ چھوٹے اور بڑے جرائم کر کے بھول جاتے ہیں لیکن جب اللہ کی بارگاہ میں پیش ہوں گے تو وہاں پر عدم اطاعت کو، ہر ظلم کو، ہر جرم کو مجسم صورت میں دیکھیں گے۔

آج تو ہر کاروائی چند لمحے بعد اسی صورت میں اسی آواز میں ریکارڈ ہو کر ٹی وی پر دکھادی جاتی ہے تو آج یہ بات سمجھنا بے حد آسان ہے کہ اعمال مجسم صورت میں دیکھنے پڑیں گے۔ اور ایسے ظالم لوگ اپنے اعمال بد کو دیکھ کر پریشان ہوں گے کہ انہوں نے اپنے لیے کیا مصیبتیں پال رکھی تھیں لیکن اس وقت کا ڈرنا کام نہیں آئے گا پھر وہ ان پر مسلط کر دیے جائیں گے اور وہ ان سے بچ نہیں سکیں گے۔

جن لوگوں کو ایمان نصیب ہوا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ (سورہ الشوریٰ آیت 22) اور انہوں نے اعمال صالحہ کیے وہ جنت کے باغوں میں ہوں گے قرآن حکیم میں جہاں اٰمَنُوْا کی بات آتی ہے وہاں اکثر مقامات پر ساتھ

عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ کی قید بھی آتی ہے۔ جاننا چاہیے ایمان کیا ہے؟ ایمان اطاعت کا نام ہے امام شافعیؒ اور دیگر آئمہ اعمال کو ہی ایمان کا نام دیتے ہیں لیکن امام ابوحنیفہؒ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی اور عمل نہ بھی کر سکا تو بھی اس نے اپنے مومن ہونے کا اقرار تو کیا ہے تو یہ اقرار کرنا بھی ایک عمل ہے اس لئے اسے مومن مانا جائے۔ باقی حضرات فرماتے ہیں کہ اس کا کردار بھی بتائے کہ وہ مانتا ہے تب اسے مومن مانا جائے۔

صالح عمل کیا ہے؟ انسانی مزاج ہی ایسا ہے کہ ہر بندہ جو عمل بھی کرتا ہے اسے اپنی طرف سے صحیح سمجھتا ہے چور، ڈاکو، ظالم بھی اپنے ظلم کا جواز دیتا ہے وہ کہتا ہے کہ اس کے بغیر کوئی چارہ ہی نہیں تھا۔ اگر میں کسی کام کو اچھا سمجھتا ہوں اور آپ اسی کام کو غلط سمجھتے ہیں تو پھر صحیح کام کی تعیین کیسے ہوگی؟ عمل صالح کا معیار ایک ہی ہے کہ جس کام کے کرنے کا آپ ﷺ نے حکم دیا یا کام ہوتا دیکھ کر پسند فرمایا جو کام حضور ﷺ کو منظور ہوا وہ عمل صالح ہے۔

اللہ کے حکم کے مطابق جہاد کیا جائے تو اس میں قتل کرنا بھی عمل صالح ہے اور قتل ہو جانا بھی عمل صالح ہے اللہ کے حکم کے مطابق کہیں مال خرچ کرنا عمل صالح ہے اور کہیں مال روک لینا عمل صالح ہے سو اعمال کے صالح ہونے کا معیار صرف ایک ہے کہ جو حضور ﷺ کو پسند ہے وہ صالح ہے۔ اب جو دعوی ایمان کرتا ہے اس کا کردار بتائے گا کہ اس کا ایمان کس درجے کا ہے تو فرمایا جنہیں نور ایمان نصیب ہوا اور انہوں نے اطاعت پیغمبر ﷺ کا حق ادا کر دیا وہ جنت کے باغوں میں ہوں گے لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ط جو خواہش ان کے دل میں پیدا ہوگی وہی نعمت اپنے پروردگار کے حضور موجود پائیں گے انہیں عطا کر دی جائے گی دنیا کی زندگی اطاعت حق کے لئے عطا کی گئی ہے اس کے وقت کا تجزیہ کیا جائے تو پتہ چلتا ہے کہ ابتدائی عمر کے چھ سال بچپن کے ہیں پھر بلوغت تک کا وقت ہے اس کے بعد بہت سے سال ضعف پیری کی نذر ہو جاتے ہیں درمیان میں کام کرنے کا تھوڑا سا عرصہ ہے جس کا بھی آدھا وقت نیند کی نذر ہو جاتا ہے۔ قوت کار کے ساتھ عمل کرنے کے لئے تھوڑا سا وقت بچتا ہے۔ اللہ فرماتا ہے اس تھوڑے سے عرصے میں اللہ اور اللہ کے نبی ﷺ کی بات مان لو اس میں وہ کرو جو میں کہتا ہوں میرا رسول ﷺ فرماتے ہیں تو پھر اس کبھی نہ ختم ہونے والی زندگی میں وہ کیا جائے گا جو تم کہو گے۔ تمہیں وہ کچھ عطا کیا جائے گا جو تم چاہو گے۔ اس زندگی میں تم میرے نبیؐ کی بات مان لو اور آگے ملنے والی ایسی زندگی جو کبھی ختم نہیں ہوگی اس ساری زندگی میں تم جو کچھ مانگو گے وہ تمہیں ملے گا جو چاہو گے۔ وہ موجود پاؤ گے۔ حضرت عبدالقادر جیلانیؒ نے اپنی تصنیف میں جنت اور جہنم کی وہ تفصیلات جمع کی ہیں جو آپ ﷺ کے ارشادات عالیہ پر مبنی ہیں ایک حدیث مبارک سے پتہ چلتا ہے کہ ایک جنتی دوسرے جنتی کے لباس کی تعریف دل ہی میں کرے گا اور اس کے دل میں ایسے لباس کی ابھی آرزو ہی پیدا ہوئی ہوگی کہ اس کا اپنا لباس تبدیل ہو کر ویسا

ہی ہو جائے گا یعنی محض آرزو پر عطا ہوگی تو یہ بڑا نفع کا سودا ہے کہ مختصر سے وقتِ زندگانی میں محدود سی قوت کار کے ساتھ اپنی حیثیت اپنی استعداد کے مطابق اللہ کے نبی ﷺ کا اتباع کر لیا جائے اور اتنا ہی کام کیا جائے جتنا کسی کے بس میں ہے لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ (البقرہ 286)۔ بندہ جو کر نہیں سکتا اس کا تو مطالبہ ہی نہیں اور بندے کے بس میں جتنا ہے اس میں اچھا کھاؤ، اچھا پہنو، اپنی حیثیت کے مطابق رہن سہن اختیار کرو، کچھ منع نہیں لیکن طریقہ وہ اختیار کرو جو اللہ کے رسول ﷺ نے بتایا ہے پھر اس ہمیشہ رہنے والی دنیا میں جو آرزو تمہارے دل میں ہوگی وہ تمہیں لبوں پر نہیں لانی پڑے گی وہ نعمت تمہیں از خود عطا ہو جائے گی ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ۝۲۲ یہ فضل عظیم ہے اور اتنا کرم اللہ ہی کر سکتا ہے یہ بہت بڑی مہربانی ہے اور ایسی مہربانیاں وہی کر سکتا ہے کوئی دوسرا یہ سودا نہیں کر سکتا۔ یہ اسی کی شان ہے اسی کو زیبا ہے اور وہی کر سکتا ہے۔

ذٰلِكَ الَّذِيْ يُبَشِّرُ اللّٰهُ عِبَادَهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ یہ باتیں اللہ کریم نے کیوں ارشاد فرمائیں؟ فرمایا جو ایمان لائے اور اعمال صالح کرتے رہے انہیں اس لئے سنا رہا ہوں کہ اس دکھ بھر دنیا بھی بھی وہ خوش رہیں میں اپنے بندوں کو اس دینا میں جو دکھوں اور پریشانیوں کی جگہ ہے اس دنیا میں بھی انہیں خوش رکھنا چاہتا ہوں۔ یہ اللہ کا احسان ہے کہ وہ چاہتا ہے کہ اس کے بندے خوش رہیں۔ اس کے بندے "عِبَادَهٗ" کون ہیں؟ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ جن کا یقین محکم ہے اور جن کا کردار ان کے یقین کے مطابق ہے۔ ایمان مضبوط ہے اور کردار و عمل اس کے مطابق ہے

قُلْ لَّاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى ؕ

(سورۃ الشوریٰ آیت 23)

یہ اتنی عظیم بات ہے کہ دار دنیا میں رہنے والوں کو آخرت کے دکھ اور سکھ کے بارے حتمی خبر سچائی کے ساتھ دے دی جائے تو فرمایا اے میرے حبیب ﷺ لوگوں سے کہہ دو اتنی عظیم باتیں تمہیں پہنچائے کا میں تم سے کسی معاوضے کا طالب نہیں ہوں۔ میں تمہیں ایک بات کہتا ہوں کہ قرابت داروں میں جو محبت ہوتی ہے رشتہ داروں کو جو ایک دوسرے کا لحاظ ہوتا ہے اس کا خیال تو رکھو اور دورِ مکہ مکرمہ میں ایک بھائی اگر مسلمان ہو گیا ہے تو دوسرا اسے ایذا دینے پر تل گیا ہے اس سے باز رہو، آخر وہ تمہارا بھائی ہے۔ بھائیوں کی باہمی محبت کا خیال کرو۔ اللہ کے نبی علیہ السلام نے اعلان نبوت فرمایا تو ابوجہل اور ابولہب رشتے میں چچا تھے لیکن انہوں نے چچا بھتیجے کے رشتے کا پاس نہ رکھا تو فرمایا میں تبلیغ کی اجرت کا مطالبہ نہیں کرتا یہ اللہ کے لئے ہے وہی اس کا اجر دے گا۔ جب کام ہی اللہ کا ہے تو معاوضہ بھی وہی عطا فرمائے گا۔ ہاں میں یہ تم سے ضرور چاہتا ہوں کہ کوئی مومن ہے یا غیر مومن رشتوں میں

مُودّت کا ایک باہمی تعلق ہوتا ہے اس کے سبب سے ایک دوسرے کو برداشت کیا جاتا ہے اور بعض امور میں صرف نظر کیا جاتا ہے تو رشتہ داری کے اخلاق کو تو قائم رکھو دین کے کام کا معاوضہ تو صرف اللہ ہی دے سکتا ہے۔

اس لئے علماء حق فرماتے ہیں کہ دینی کام کا معاوضہ لینا جائز نہیں۔ کسی نبیؑ نے تبلیغ کے لئے کوئی اجرت نہیں لی ہاں کوئی استاد دینی تعلیم دیتا ہے تو وہ اپنے پڑھانے کی تنخواہ لیتا ہے۔ صلوٰۃ کی امامت کے لئے، منبر کی خطابت کے لئے، معاوضہ نہیں لیا جاسکتا لیکن امام مسجد کو خطیب کو جو تنخواہ دی جاتی ہے اس کا جواز علماء نے اس طرح نکالا ہے کہ جب امام مسجد یا خطیب کو وقت کا پابند کردیا جاتا ہے کہ اتنے اوقات کے لئے اسے ضرور مسجد میں ہونا چاہیے تو وہ اس وقت میں باہر جا کر ملازمت یا کوئی اور کام نہیں کرسکتا لہٰذا اس پابندی اوقات کو ملحوظ رکھنے کے باعث اس کو تنخواہ نماز پڑھانے کی نہیں بلکہ اس وقت کی دی جاتی ہے جو اس نے ملازمت کی بجائے اس کام میں صرف کیا۔ ورنہ نماز تو خود ان پر فرض ہے۔ ہم نے انہیں مخصوص وقت کے لئے مسجد میں ہی رہنے کا پابند کیا ہوتا ہے اس لئے ان کے وقت کی اجرت انہیں دی جاتی ہے تاکہ وہ اس وقت کو مسجد کے کام کے لئے مختص کرسکیں۔ آئمہ دین کے حالات پڑھیں تو پتہ چلتا ہے کہ ان کی اکثریت نے اپنا رزق پیدا کرنے کے لئے ذاتی کاروبار اور دیگر کام کئے کچھ ایسے حضرات بھی ملتے ہیں جو تھوڑی مزدوری یا دکانداری کر کے گزارہ کرلیتے تھے اور بعض حضرات بے حد امیر و کبیر بھی تھے اور ان کا کاروبار وسیع پیمانے پر ہوتا تھا۔

وَ مَنْ يَّقْتَرِفْ حَسَنَةً نَّزِدْ لَهٗ فِيْهَا حُسْنًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ﴿۲۳﴾ جو بھی اپنی زندگی کے اسالیب میں میری اور میرے نبیؐ کی اطاعت کو داخل کریگا اس کا عمل حسنا بن جائے گا اور ہم اس میں بہت خوبصورت اضافے کردیں گے ان کی نیکی کے اجر کو کئی گنا بڑھا کر عطا کرینگے۔ یقیناً اللہ کریم معاف کرنے والا بھی ہے اور بخشنے والا بھی اور جو اس کا شکر ادا کرے اس کو نوازنے والا بھی ہے شکر کرنے والے کو بہت عطا کرتا ہے اور انسان ہونے کے ناتے جو خطائیں بندے سے ہوجاتی ہیں ان سے درگزر فرماتا ہے لیکن اس کی شرط صرف ایک ہے۔ دامن پیغمبر ہاتھ سے چھوٹنے نہ پائے۔ اس بات پر بندہ قائم رہے کہ دامان رسالت کو تھامے رکھے اور اسی کوشش میں لگا رہے کہ کسی امر میں بھی دامانِ رسالت نہ چھوٹے تو وہ یقیناً اللہ کی مغفرت کو پالے گا۔ بندے کی نیکی اس کی اپنی حیثیت کے مطابق ہوگی او راللہ کی عطا اس کی اپنا شان کے مطابق ہوگی۔

فرمایا کہہ دیجئے کہ میں نے یہ حقائق اس لئے بتا دیئے ہیں کہ اللہ کریم یہ چاہتے ہیں کہ اس کے بندے اس دنیا میں جہاں بھی شہنشاہ سے گدا تک سب مختلف پریشانیوں میں گھرے ہوئے ہیں میرے بندے اس دنیا میں شاد باغ رہیں۔ دنیا میں بعض ناگوار حالات پیش آتے ہیں۔ تو ان حالات میں اللہ کے بندوں کو یہ

حوصلہ عطا رہتا ہے کہ وہ یہ سمجھتے ہیں کہ اس میں ان کی کوئی کوتاہی ہوئی ہے اور وہ اس بات پر راضی ہوتے ہیں کہ اللہ نے توبہ کا راستہ کھول کر ان پر بڑی رحمت فرمائی ہے پھر وہ اللہ کی طرف رجوع کرتے ہیں کہ اللہ ہمیں معاف کر دے اس طرح سے ان کی کوتاہی بھی ایک طرح سے قربِ الٰہی کا سبب بن جاتی ہے۔ اگر ایمان سلامت ہو۔

اہل اللہ کی، اہل حق کی، مشائخ عظام کی، علماء ربانیین کی ساری محنت اس بات پر ہوتی ہے کہ بندے کو اللہ سے آشنا کر دیا جائے اسے دنیا میں نعمتیں نصیب ہوں تو وہ شکر کرے اور اگر کوئی ناگوار بات پیش آجائے تو اس ذات سے کرم کا طالب ہو، مغفرت کا طالب ہو۔

حضرت رحمتہ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ قرآنِ حکیم کا سارا خلاصہ سورہ فاتحہ میں ہے سورہ فاتحہ کا سارا نچوڑ **بسم اللہ الرحمن الرحیم** میں ہے اور بسم اللہ کا حاصل اس کی پہلی 'ب' میں ہے یہ 'ب' بائے تلبس ہے۔ یہ جوڑنے والی شئے ہے یہ اللہ جو رحمٰن و رحیم ہے اس کے نام کیساتھ جوڑنے والی یہ طاقت ہے۔ سارا دین کیا ہے؟ یہی کہ بندہ اللہ سے جڑ جائے۔ سارے دین کا حاصل یہ ہے کہ بندے کو اللہ کریم کے ساتھ یقین محکم اور ایسا ایمان نصیب ہو جائے جو اسے اللہ کے ساتھ جوڑ دے۔ اس کی زندگی اطاعت الٰہی کا مظہر بن جائے۔

انبیاء کرام علیھم الصلوٰۃ والسلام کی ساری محنت، صحابہ کرام، مشائخ عظام، علماء ربانیین کی ساری محنت اس بات پر ہوتی ہے کہ بندے کو اللہ سے واصل کر دیں بندے کو اللہ کے روبرو کر دیں پھر معاملہ ان کے اور ان کے رب کے درمیان چلتا رہی ہے اور جب کسی کو اس کیفیت کا کوئی ذرہ بھی نصیب ہو جائے تو بات بہت مختلف ہو جاتی ہے اللہ کی نافرمانی کرنے کو جی نہیں چاہتا اور اگر غلطی ہو جائے تو بڑی کڑوی لگتی ہے کہ یہ میں نے کیا کر دیا؟ پھر توبہ کر کے اطاعت کرنے میں لطف آتا ہے پھر اطاعت بوجھ نہیں بنتی۔ تو اللہ کا دین، اللہ کی کتاب اور اللہ کا رسول ﷺ یہ سب اس لئے ہیں کہ بندے کو اللہ کی عظمت سے آشنا کر دیں وہ اپنے رب سے پیوستہ ہو جائے، اس سے مغفرت چاہے، اس کی باتیں کرے، اسے یاد کرے اور ہمہ وقت اس کی بارگاہ میں حاضر رہے۔ حضور حق ہی تو مقصد ہے باقی سارے وسائل ہیں۔

اللہ کریم سب کو نصیب فرمائے۔ اپنے عذابوں سے پناہ میں رکھے، ہماری کوتاہیوں اور غلطیوں کو معاف فرمائے، ہمیں نیکی کی توفیق عطا کرے اور ہمیں حضور ﷺ کی اطاعت نصیب فرمائے اور اپنی بخشش سے نوازے۔

و آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین

شہید مردہ نہیں

عام انسان کی موت میں اور شہید کے قتل ہو کر عالم برزخ میں جانے میں کیا فرق ہے۔ روح تو ہر مرنے والے کی زندہ رہتی ہے۔ روح پر موت وارد نہیں ہوتی موت نام ہے بدن اور روح کے تعلق کو توڑ دینے کا۔ بدن سے روح الگ کر دی جاتی ہے لیکن روح زندہ رہتی ہے، کافر کی روح بھی زندہ رہتی ہے اگرچہ عذاب میں رہتی ہے۔ تو اگر شہید کو مانا جائے کہ اسکی صرف روح زندہ رہتی ہے تو پھر غیر شہید اور شہید میں کیا فرق ہو۔ فرق یہ ہے کہ شہید کی روح کا تعلق اسکے بدن سے اتنا مضبوط رہتا ہے کہ اسکا بدن گلتا سڑتا نہیں وہ اس دنیا سے چلا جاتا ہے۔ اسے اس دنیا کی گرمی سردی نہیں لگتی وہ اس دنیا کی غذا نہیں کھاتا لیکن اسکا بدن قائم رہتا ہے۔ اسے اللہ کی طرف سے غذا دی جاتی ہے اور اسکا بدن ویسے ہی سلامت رہتا ہے جیسا کہ روح کی موجودگی سے ہوتا ہے۔ صرف عالم بدل جاتا ہے اس عالم کی غذا کی بجائے برزخ میں غذا عطا ہوتی ہے۔ ہر مومن کا ایمان ہے کہ جب اللہ نے شہید کو مردہ کہنے سے منع کر دیا تو وہ زندہ ہیں۔ یہی یقین ہے اور اس پر تاریخی شہادتیں ہر زمانے کی موجود ہیں جو باعث تقویت ایمان ہیں۔

(اقتباس از اکرم التفاسیر چہارم)

تعاون
احمد دین
ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ
مینوفیکچررز
آف پی سی یارن
پُل کوریاں، سمندری روڈ فیصل آباد فون 2-041-2667571

سالانہ اجتماع
14-7-09

سوال و جواب

امیر محمد اکرم اعوان
دارالعرفان چکوال

سوال اردو تراجم میں اس آیۂ مبارکہ **وَ وَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰی** میں **ضَآلًّا** کے معنی ''راستہ سے ناواقف'' بھٹکتا ہوا'' ''بھولا ہوا'' شریعت سے ناواقف'' اپنی محبت میں خودرفتہ'' لکھے ہوئے ہیں صحیح معنی کیا ہے؟

جواب: اس کا معنی تو بڑا صاف ہے **وَ وَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰی**۔ اے میرے محبوب! اے میرے حبیب! اے میرے نبی! اے میرے رسول ﷺ ہم نے آپ کے دل میں تڑپ پائی لگن پائی جستجو پائی وہ بیقراری پائی تو آپ کو منزل عطا کر دی۔ آپ کی تڑپ پوری کر دی آپ ﷺ کو نبی مبعوث کر دیا آپ خاتم النبین کے منصب پر فائز ہو گئے۔ آپ پر وحی نازل ہونا شروع ہو گئی۔ یہ جملہ بڑا محبت بھرا اور کیفیات محبت سے لبریز ہے۔ مولانا ابوالکام آزادؒ نے بڑی خوبصورت بات لکھی ہے کہ انبیاءؑ تو ازل سے نبی ہیں اور ہمیشہ نبی رہیں گے لیکن دنیا کا جو طریقہ کار اور نظام ہے وہ عالم اسباب میں اسی طرح چلتا رہتا ہے نبیؑ بھی اولاد آدمؑ ہیں پیدا ہوتے ہیں بچے ہوتے ہیں پھر جوانی آتی ہے بڑھاپا آتا ہے اسی طرح نبی ﷺ کی مثال ایسی ہے کہ پہلے ایک غنچہ ظہور پذیر ہوتا ہے اسی غنچے میں پھول بننے کی بیقراری ہوتی ہے۔ اس بیقراری سے وہ چٹک جاتا ہے اور غنچہ کلی بن جاتا ہے تو اسے قرار آنا شروع ہو جاتا ہے پھر وہ کلی پھول بن کر مطمئن ہو جاتی ہے یعنی غنچہ سے پھول بننے تک جو عالم ہے اس میں ایک اضطراب آگے بڑھنے کی ایک بیقراری پھول بننے کی ایک کیفیت فطرتاً موجود ہوتی ہے تو مولانا آزاد فرماتے ہیں کہ نبی علیہ السلام چونکہ ازل سے نبی ہوتا ہے اور اس کی منزل اعلان نبوت ہوتا ہے اور دعوت الٰہیہ اس کی منزل ہوتی ہے تو جب وہ دنیا میں پیدا ہوتا ہے، ہوش سنبھالتا ہے تو عالم آب و گل میں اس جانب رواں ہوتے ہوئے اپنی منزل پانے کا ایک اضطراب ہوتا ہے۔ یہ وہی اضطرابی کیفیت تھی جو حضور اکرم ﷺ کو حرا میں لے جاتی تھی آپ ﷺ مہینوں یاد الٰہی میں ذکر اذکار میں متوجہ الی اللہ رہتے۔ اس وقت نہ تو قرآن حکیم کا نزول ہوا تھا، نہ اعلان نبوت ہوا تھا، نہ صلوۃ و صوم کا کوئی حکم آیا تھا یعنی عبادات کا کوئی طریقہ نہیں تھا تو پھر حضور ﷺ غار حرا میں مہینوں یاد الٰہی میں ذکر اذکار میں متوجہ رہتے۔ اس کا کوئی طریقہ نہیں تھا تو پھر حضور ﷺ غار حرا میں مہینوں کیا کرتے تھے؟ یہ کہنا تو ظلم و زیادتی ہوگی کہ حضور ﷺ اہل مکہ کے ہاں جو کچھ رائج تھا اس پر عمل کرتے تھے تو اس ضمن میں مولانا آزادؒ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ محبتِ الٰہی میں ڈوبے رہتے تھے۔ اللہ کی یاد میں رہتے تھے۔ اللہ کا نام لیتے تھے۔ صرف اللہ اللہ کرتے تھے۔ اس لئے کہ اس وقت نہ نزولِ وحی ہوا تھا نہ نزولِ قرآن۔

اس کا مطلب ہے نہ وہاں حضور ﷺ تلاوت کرتے تھے نہ صلوٰۃ۔ اور یہ کہنا تو قطعاً غلط ہے کہ حضور ﷺ کی رسم و رواج کا

اتباع کرتے تھے۔ حضور ﷺ رسموں کا اتباع کرنے کے لئے نہیں بلکہ دین حق کو پھیلانے کے لئے مبعوث ہوئے تھے۔

یہ سوال ایک دفعہ قادیانیوں کے خلاف ایک مناظرے میں اٹھایا گیا۔ مقدمہ بہاولپور بہت مشہور ہوا یہ انگریزوں کے زمانے کا مقدمہ تھا۔ واقعہ یہ تھا کہ کسی شخص نے بیٹی کا رشتہ کیا نکاح ہوگیا تو بعد میں وہ آدمی قادیانی ہو کر مرتد ہوگیا۔ ابھی رخصتی نہیں ہوئی تھی لہٰذا بیٹی کے والد نے عدالت میں مقدمہ کر دیا کہ یہ شخص مرتد ہوگیا ہے۔ لہٰذا یہ نکاح فسخ تصور کیا جائے۔ اس پر پوری قادیانی برادری اس کی مدد کو آئی انگریز نے قادیانی جماعت کو قوت پہنچائی حتیٰ کہ ملکہ برطانیہ نے مداخلت کی۔ امیر آف بہاولپور برطانیہ تشریف لے گئے ملکہ برطانیہ نے خصوصی طور پر ان سے کہا کہ مقدمہ بغیر فیصلے کے ختم کرا دیں لیکن وہ اللہ کے ایسے بندے تھے کہ وہ بہاولپور پہنچ کر گھر نہ گئے سیدھے جج کے گھر پہنچے وہ والئی ریاست کو دیکھ پریشان ہوگیا۔ انہوں نے فرمایا ملکہ برطانیہ نے تو یہ کہا کہ مقدمہ بغیر کسی فیصلے کے ختم کرا دو لیکن یہ نبی کریم ﷺ کی عظمت کا معاملہ ہے ایسا نہیں ہوگا تم بھی مسلمان ہو ہمیں آخرت میں اللہ کے حضور جواب دینا ہے تمہیں اس مقدمے کا فیصلہ کرنا ہے ہمت کرنا کوئی تمہارا کچھ بگاڑ نہیں سکے گا۔ میں نے تمہاری حفاظت کے لئے خفیہ پولیس مقرر کر دی ہے تم صحیح فیصلہ کرنا۔ پھر یہ مقدمہ کئی سال چلتا رہا اور آخر میں یہی فیصلہ ہوا کہ یہ شخص قادیانی ہو کر مرتد ہو چکا ہے اور کسی مومنہ کا نکاح مرتد سے قائم نہیں رہتا۔ یہ ایک طویل روائیداد ہے۔ ایک زمانے میں ہم نے ساتھیوں کی مدد سے اس کی تلخیص کی تھی اس مقدمے میں جہاں قادیانیوں کے مشہور عالم تھے وہاں مسلمانوں کی طرف سے بہت جید علماء دین مسلمان وکلاء کی معاونت کرتے تھے۔ اہل سنت والجماعت کے قائدین بھی حتیٰ کہ مولانا سید انور شاہ کشمیریؒ جو اس کافی ضعیف تھے وہ بھی دیوبند سے تشریف لائے اور عدالت میں پیش ہوئے۔ دوران مقدمہ مسلمان عالم نے قادیانیوں کے مرزا قادیانی کے بارے کہا کہ مرزا دعویٰ تو نبوت کا کرتا ہے لیکن رواجات انگریز کے اپناتا ہے حالانکہ نبی تو رواجات کا پیروکار نہیں ہوتا نبیؑ تو خود رہنماء ہوتا ہے گھسی پٹی راہوں پر چلنا تو نبی کی شان کے خلاف ہے یہ مرزا کیسا نبی ہے کہ رواجات کی پیروی کرتا ہے۔ قادیانیوں کے عالم جس کا نام غالباً شمس تھا اس نے کہا کہ نبی کریم ﷺ نے بھی رواج کی پیروی کی ہے۔ سفیروں کو قتل کرنا عربوں کا رواج تھا۔ جب حضور ﷺ کے پاس سفیر پیش ہوئے تو آپ ﷺ نے فرمایا سفراء کو قتل نہ کیا جائے۔ یوں آپ ﷺ نے رواج کی پیروی کی۔ اس پر اہلِ سنت کے عالم ٹھٹھک گئے تو سید انور شاہ کشمیریؒ کھڑے ہوگئے اور فرمایا حضور ﷺ اللہ کے آخری نبی تھے آپ پر اللہ کی کتاب نازل ہوئی آپ ﷺ نے جو کچھ فرمایا وہ دین بن گیا معاشرے میں رائج جن چیزوں کو حضور ﷺ نے باقی رکھا وہ رواج نہ رہا وہ بحکم الٰہی دین بن گیا آپ ﷺ نے کسی رواج کی پیروی نہیں کی بلکہ آپ ﷺ نے اس کام کو اس طریقے کو جاری رکھ کر دین کی رہنمائی فرمائی جب حضور ﷺ نے فرمایا کہ سفیر قتل نہیں کئے جائیں گے تو یہ اسلام کا حکم بن گیا کہ آپ ﷺ اللہ کے نبی ہیں جو کچھ فرما دیں وہ دین بن جاتا ہے۔ اور تمہارا نبی تو گرتا پڑتا رہتا

ہے کبھی کہتا ہے ظلّی نبی ہوں کبھی بروزی نبی کہتا ہے نہ اس کے پاس وحی الٰہی ہے نہ کتاب الٰہی نہ روح میں قوت نہ اللہ سے تعلق تو وہ کس کی پیروی کرتا اس نے انگریزوں کے رواجات ہی کی پیروی کرنی۔

بات ہو رہی تھی غار حرا کی خلوت کی کہ حضور ﷺ نے تو اپنے عہد کی عادات تک کی پیروی نہیں کی کسی رسم ورواج کو اپنانا تو بعید از قیاس ہے۔تو پھر دو دو ماہ حضور اکرم ﷺ غارِ حرا میں کیا کرتے تھے؟ عہدِ نبوی علیہ الصلوٰۃ والسلام میں بیت اللہ تنہا تھا اور ارد گرد مسجد نام کی کوئی شئے نہیں تھی بلکہ صفا و مروہ تک سب نظر آتا تھا صفا مروہ کے گرد جو پہاڑ اور چٹانیں تھیں ان پر لوگ بیٹھتے اور گپ شپ کرتے تھے۔ بہت عرصہ تک یہ چٹانیں یوں ہی رہیں پاکستان بننے کے بعد تک صفا و مروہ ننگی پہاڑیاں تھیں ترکوں کی مسجد بھی ان چٹانوں سے ہٹ کر بنائی گئی تھی۔ بہت بعد میں صفا مروہ پر چھت ڈال کر انہیں مسجد حرام کے ساتھ شامل کر لیا گیا۔ جب یہ تمام درمیانی عمارات نہیں تھیں تو حرا سے بیت اللہ شریف صاف نظر آتا تھا۔ اور عہد نبوی علیہ الصلوٰۃ والسلام میں تو غار حرا سے بیت اللہ اور ارد گرد کی پہاڑیاں تک صاف نظر آتی تھیں۔ آپ ﷺ حرا میں بیٹھ کر یاد الٰہی میں مصروف رہتے بیت اللہ پر نگاہ مبارک ڈالتے اور ذکر الٰہی میں مشغول رہتے مولانا آزاد فرماتے ہیں۔ حضور ﷺ کی یہ بیقراری ایسی ہی تھی جیسی غنچے کو پھول بننے میں ہوتی ہے۔ اور بعثت تک کی زندگی مثالی تھی اسی لئے اللہ کریم نے آپ ﷺ کی قبلِ بعثتؐ کی چالیس سالہ زندگی حیات مبارکہ پر قسم کھائی ہے۔ "**لَعُمْرُكَ**"، یعنی آپ ﷺ کی پاکیزہ زندگی اس بات پر شاہد ہے کہ آپ ﷺ نبی ہیں۔ قرآن حکیم میں آپ ﷺ کی زبان حق ترجمان سے کہلوایا ہے ان سے کہہ دیجئے **لَبِثْتُ فِيكُمْ عُمُرًا** (یونس آیت 16) میں نے تم میں عمر بسر کی ہے چند دن کی بات نہیں چالیس برس گزارے ہیں تم مجھے کیسا جانتے ہو؟۔

عرصہ شعور سے لیکر بعثت تک ایک بیقراری جو غنچے کو چٹکنے کیلئے اور کلی کو پھول بننے کے لئے ہوتی ہے وہ قلب اطہر رسول ﷺ میں تھی جیسے قرآن کریم نے اس طرح ارشاد فرمایا ہے **وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى** ہم نے آپ ﷺ کو بیقرار پایا تو ہم نے آپ ﷺ کے لئے راہیں کھول دیں، آپ ﷺ کو نبوت عطا کر دی۔ آپ ﷺ نبی مبعوث ہو گئے۔ وحی الٰہی شروع ہو گئی۔ آپ ﷺ کو منزل مل گئی تو اس آیۃ کریمہ کا ترجمہ تو بڑا صاف اور واضح ہے بات عام وفہم ہے کہ قرب الٰہی کی طلب اور تڑپ کا جذبہ بیقرار کئے ہوئے تھا لیکن اردو تراجم کرنے والوں میں اس بارے بہت ٹھوکریں کھائی ہیں اور پھر بھی معنی متعین نہیں کر سکے۔ بات یہ ہے کہ قربِ الٰہی کی تڑپ کا ایکذرہ کسی کو نصیب ہو جائے تو بات آگے چلے کسی فارسی شاعر نے کہا تھا لذت ایں مے بخدا نا شناسی تا نہ چشی اس مشروب کی لذت نہ پا سکو گے جب تک اسے چکھو گے نہیں۔ سننے سنانے سے اس کا اندازہ نہیں ہوگا اور اگر کسی کو اس کا ایک ذرہ نصیب ہو جائے تو اس

کی ساری توجہ اس درد کو بڑھانے پر مرکوز ہو جاتی ہے۔ اسے سوتے جاگتے، اٹھتے بیٹھتے اور چلتے پھرتے یہی دھیان رہتا ہے وہ سب کچھ چھوڑ سکتا ہے۔ اس بات کو نہیں چھوڑ سکتا کوئی اس سے راضی ہو یا خفا اسے کسی بات کی پرواہ نہیں رہتی وہ اسی بات پر متوجہ رہتا ہے کہ قربِ الٰہی کی طلب کی جو کیفیت نصیب ہے اس میں فرق نہ آنے پائے تو اگر ایک ولی جس کو ایک ذرہ نبی علیہ الصلوٰۃ السلام کے جوتوں کی خیرات میں مل جاتا ہے وہ اس کو مزید قرب کے لئے بیقرار رکھتا ہے تو وہ نبی ﷺ جو ساری کائنات کے لئے ہے، سارے جہانوں کے لئے رحمت ہے، جو نبیوںؑ کے بھی نبی ﷺ ہیں، جو امام الانبیاء ﷺ ہیں۔ اس کے قلبِ اطہر میں کیا تجلیات اور کیا کیفیات ہوتی ہونگی جس نے قیامت تک کے سارے جہانو کو روشن کر دیا تو ہم اندازہ نہیں کر سکتے کہ وہ کیفیات کیا ہونگی؟ اور جتنی کیفیات ہونگی اسی طرح کی بیقراری بھی ہوگی۔ جس طرح کی طلب ہوگئی اسی طرح کا اضطراب بھی ہوگا۔ آپ ﷺ کے اس حال کو قرآنِ حکیم نے ان الفاظ میں ڈھال دیا **وَ وَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى** کہ میرے اے حبیب ﷺ ہم نے آپ ﷺ کی تڑپ کو منزل عطا کر دی۔ آپ ﷺ کو مبعوث فرما دیا۔ آپ ﷺ پر وحی کا نزول ہو گیا۔ تو یہ جملہ ہی بڑا محبت بھرا ہے، معانی اور کیفیات سے بھرپور ہے۔ اب یہ الگ بات ہے کہ کوئی سمجھ نہ سکے۔

ہمارے ہاں دل کی شریانوں کی سختی دور کرنے کے غذائی علاج پر بات ہو رہی تھی شریانوں میں چربی کی تہہ جم جائے تو اس چربی کو حل کرنے کا نسخہ میں نے بتایا کہ مونگ پھلی دانوں میں جو سرخ چھلکا ہوتا ہے وہ پھانک لیا جائے یا مونگ پھلی اس سرخ چھلکے سمیت کھائی تو وہ چربی تحلیل ہو جاتی ہے ایک ساتھی نے سنا اور مونگ پھلی کو اس کے سخت چھلکے سمیت کھانا شروع کر دیا۔ دو چار دانے کھا کر کہنے لگا نسخہ تو حضرت کا بتایا ہوا ہے لیکن کھانا مشکل ہے تو سمجھنے کے لئے بھی شعور و ادراک ہر ایک کا اپنا ہوتا ہے۔

یہ بہت خوبصورت آیہ کریمہ ہے پیار بھری بات ہے۔ جیسے محبوب خود کسی چاہنے والے سے کہے کہ میں تیری بیقراری سے واقف ہوں۔ دنیائے محبت میں اس سے بڑا کوئی مقام نہیں۔ جب محبوب اپنے طالب سے کہے کہ میں تیرے حال سے واقف ہوں اس کا معنی ہوا کہ محبوب کی طرف سے محبت کا جواب آ رہا ہے، طالب کے لئے اظہارِ محبت ہو رہا ہے۔ ورنہ آدمی خود تو محبت کر سکتا ہے کسی دوسرے کو محبت کرنے پر مجبور نہیں کر سکتا۔ اگر عالم فانی کی وقتی محبتوں میں یہ کیفیت ہے کہ کسی سے ٹوٹ کر محبت کی جائے اور محبوب اسے کہہ دے کہ تیری مراد پوری ہوئی ہم تیرے ہو گئے تو کیا عالم ہوگا!

اور پھر جب طالب ہوں محمد رسول ﷺ اور مطلوب ذات باری ہو اور ذات باری خود فرمائے کہ ہم آپ کی بیقراری سے واقف ہیں آپ ﷺ کو آپکی منزل عطا کر دی گئی۔ تو یہ کتنا

خوبصورت جملہ ہے۔ محبت کے لطیف جذبات کا یہ کتنا بڑا خزانہ ہے کہ کیفیات سے پُر یہ آیہ کریمہ کتنی [illegible] رت ہے اور عجیب بات ہے تراجم کرنے والوں نے کیا لکھا اور سمجھنے والے نے کیا سمجھا۔

حق تو یہ ہے کہ اس عظمت رسالت کی مدح ہے کہ مخلوق میں ایک ایسی ہستی ہے جس کی محبت الٰہی کے لطیف احساسات کو پذیرائی بارگاہ ایزدی نے دی۔ اللہ کی بارگاہ نے دی اور محبت کے لطیف احساسات کی پذیرائی ہوئی۔

سوال: روحانی بیعت فنافی الرسول ﷺ کیا ہے سالک المجذوبی میں سالک کی ذمہ داری کیا ہے؟

جواب: گزارش ہے کہ کم از کم المرشد پڑھ لیا کریں اس طرح کے سوالات کرنے کی ضرورت پیش نہیں آئے گی اور اگر آپ کے پاس المرشد پڑھنے کی فرصت نہیں تو میرے پاس ان سوالوں کے روزانہ جواب دینے کی فرصت کہاں؟ المرشد ایک چھوٹا سا رسالہ ہے ایک مہینے بعد آتا ہے تمام ضروری باتیں اس میں چھپی رہتی ہیں کسی وقت بیٹھ کر مطالعہ کریں تو شاید ایک گھنٹے میں پورا پڑھا جائے اور اگر دس منٹ روزانہ اسے پڑھیں تو دس بارہ دنوں میں اس کا مطالعہ مکمل ہو جاتا ہے اور یہ پورے تیس دن بعد آتا ہے اسے ایک ماہ میں تین چار بار پڑھا جا سکتا ہے۔ یہ سوالات پیدا ہی تب ہوتے ہیں جب آپ مطالعہ نہیں کرتے۔

المرشد کاروباری مقاصد کے لئے نہیں ہے۔ کاروباری نقطہ نظر ہوتا تو تھ پیسٹ کے اشتہار ہی بہت مل جاتے ہیں اور پیسے بھی مل جاتے لیکن ہم اسے اشتہاروں سے بچاتے ہیں اس کی سیل سے بھی بعض اوقات اخراجات پورے نہیں ہوتے تو ساتھی سادہ سا سٹال لگا کر اس کمی کو پورا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

ساتھیوں کو چاہئے کہ کم از کم المرشد کا مطالعہ ضرور کریں۔ یہ رسالہ ہر ساتھی کے پاس آنا چاہئے اس میں ساری باتیں دین کی ہوتی ہیں اور دین کی باتیں پرانی بھی نہیں ہوتیں اسی لئے المرشد کے پرانے شمارے پڑھنے بیٹھیں تو نئی معلومات لگتی ہیں۔

کچھ آپ بھی تو کریں سب کچھ مجھ ہی پر نہ چھوڑ دیا کریں

وآخر دعوانا ان الحمدللہ رب العلمین

> ہم نے دو خانے بانٹ لیے ہیں۔ دین مسجد میں ہے اور بازار میں ہم آزاد ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں نماز، روزہ، حج وزکوٰۃ اس پر دین ختم ہو گیا۔ اس کے بعد سیاست میں یا اپنی عملی زندگی میں۔ دنیا کمانے اور خرچ کرنے میں، دوستی یا دشمنی میں ان کا دین سے کوئی تعلق نہیں۔ مگر ایسی بات نہیں ہے زندہ رہنے کے لیے جو طرزِ حیات اپنایا جائے اس کا نام دین ہے۔

رؤیت ہلال کی شرعی حقیقت

وقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم صُومُوا لِرُؤْيَتِهٖ وَاَفْطِرُوْا لِرُؤْيَتِهٖ (رواہ البخاری والمسلم)

امیر محمد اکرم اعوان 09-9-20 دارالعرفان، منارہ، ضلع چکوال

فرمایا:۔ ''چاند دیکھ کر روزے رکھو اور چاند دیکھ کر روزے چھوڑو''۔

دراصل مسلمان کی زندگی کا سارا نصاب دین کے تابع ہوتا ہے لیکن آج ہماری بدنصیبی یہ ہے کہ سیاست اور داداگیری میں تمیز کرنا مشکل ہوگیا ہے بلکہ اب یہ دین پر بھی بھاری ہوتی جارہی ہے۔ سیاست مقدم ہوگئی ہے دین پیچھے چلا گیا ہے اور اپنے سیاسی مفادات کیلئے جوڑتوڑ کر کے سیاست چمکانے کیلئے رؤیت ہلال کو بھی ایک ایشو بنالیا ہے۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے واضح ارشادات کے مقابل عجیب غریب مسئلے گھڑے جارہے ہیں جس میں سے ایک یہ ہے کہ ساری دنیا پر عید ایک دن ہونی چاہیے۔

ایسا ہونا ممکن نہیں اس لئے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا واضح ارشاد موجود ہے کہ چاند دیکھ کر روزے رکھو اور چاند دیکھ کر روزے ختم کرو اور چاند دنیا بھر میں ایک ہی دن نظر آنا ممکن نہیں۔ دنیا میں سارے گلوب پر وقت ایک نہیں ہوتا کہیں صبح ہوتی ہے کہیں اسی وقت عصر ہورہی ہوتی ہے اور کہیں مغرب اور کہیں عشاء ہوتی ہے۔ جوں جوں سورج سفر کرتا ہے اوقات بدلتے رہتے ہیں۔ اسی طرح سورج کے ساتھ ساتھ چاند کا سفر بھی ہے اور جس طرح دن کے اوقات میں فرق ہے اسی طرح چاند کے نظر آنے میں بھی جگہ جگہ فرق ہے۔ عرب میں سن ہجری اور قمری مہینے پورے ملک میں رائج ہیں ان کے ہاں حساب لگا کر کمپیوٹر کے مطابق سال بھر کا ایک کیلنڈر چھاپ دیا جاتا ہے اور سارا سال اسی کے مطابق کام ہوتا رہتا ہے لیکن ان کے ہاں رؤیت ہلال کا اہتمام سرکاری سطح پر کیا جاتا ہے اور چاند دیکھ کر ہی رمضان، عید اور حج کا اعلان کیا جاتا ہے۔ ایک مرتبہ میں عرب میں تھا اور میں نے دیکھا کہ کیلنڈر کے مطابق مہینہ انتیس دن کا تھا لیکن چاند طلوع نہ ہوا تو انہوں نے سرکاری طور پر اعلان کردیا کہ ماہ تیس دن کا شمار ہوگا۔ اگرچہ ایسا کم ہوتا ہے اور ان کے حساب کتاب کے اندازے اکثر درست ہوتے ہیں لیکن وہ ہر ماہ کے چاند کو دیکھنے کا اہتمام ضرور کرتے ہیں اس لئے کہ وہ شریعت کے اس اصول پر سختی سے کاربند ہیں کہ چاند دیکھ کر روزے رکھے جائیں اور چاند دیکھ کر روزے چھوڑے جائیں۔ اسلام دین فطرت ہے اور تمام زمانوں کے تمام انسانوں کے لئے ہے اس لئے دین کے احکام شہری علاقوں میں رہنے والوں اور دور افتادہ علاقوں میں بسنے والوں

کے لئے یکساں طور پر آسان رکھے گئے ہیں اگر شہروں میں دوربینیں اور حساب کرنے والی مشینیں بھی ہیں تو وہیں عوام الناس کیلئے قدرت کا آسان نظام بھی موجود ہے یعنی چاند کا دکھائی دینا۔ جس طرح صلوٰۃ اور روزے کے اوقات کیلئے سورج کے طلوع وغروب اور اتار چڑھاؤ کو معیار بنایا گیا ہے اسی طرح حج اور روزہ اور عید کیلئے چاند کو معیار قرار دیا گیا ہے اور شمسی مہینوں کے بجائے قمری مہینوں کو رائج کیا گیا ہے کیونکہ عام آدمی آسانی سے چاند دیکھ کر مہینہ کا شروع اور آخر جان سکتا ہے۔ یہ قدرت کا ایک نظام ہے اور اسلام میں اس ضمن میں بڑی سہولت دی گئی ہے۔

یہ بڑی زیادتی کی بات ہے کہ عبادات میں بھی اب سیاست غالب آرہی ہے۔ ہمارے ملک میں سیاست ہے ہی نہیں داداگیری ہے۔ جو چار غنڈے اکٹھے کرسکتا ہے وہ بدمعاشی بھی کرسکتا ہے اور وہی سیاستدان ہے اور جس کے ساتھ غنڈے نہیں ہیں وہ سیاستدان نہیں ہے۔ ساری سیاسی جماعتوں کا ایک ہی انداز ہے یا بندے خریدے جاتے ہیں یا بندوں کو زبردستی کسی کام پر مجبور کیا جاتا ہے کوئی تیسرا طریقہ نہیں ہے اور یہ تو انتہائی بدنصیبی ہے کہ صدی سے زیادہ عرصہ ہم کافروں کے غلام رہے لیکن عبادات میں فرائض سنن اور واجبات میں انہوں نے کبھی دخل نہیں دیا عبادات ہر کوئی اپنی صوابدید پر کرتا رہتا تھا لیکن یہ کیسی اسلامی حکومت آئی ہے؟ یہ اسلامی حکومت تو ہے نہیں مسلمانوں کی حکومت ہے تو پھر انہیں کم از کم اتنی حیا تو کرنی چاہیے کہ عبادات میں مداخلت نہ کریں۔

یہ بڑی قابل غور بات ہے کہ ہم کہاں جارہے ہیں؟ اور کیا کررہے ہیں؟ اس کا نتیجہ کیا ہوگا؟

عبادات تو قربِ الٰہی کے لئے ہوتی ہیں۔ اگر یہ بھی مفادات پر قربان ہونے لگیں تو بات تو ختم ہوگئی۔ اللہ ہمارے حال پر رحم فرمائے یہ انتہائی زیادتی کی بات ہے۔

بہر حال یہ مطالبہ کہ پوری دنیا میں ایک ہی وقت پر عید ہو یہ ممکن ہی نہیں ہر ملک کا دوسرے ملک سے وقت کا فرق ہے کوئی چند گھنٹے پیچھے ہوتا ہے اور کوئی چند گھنٹے آگے مثلاً ہمارے ہاں صبح کے دس بج رہے ہیں اور امریکہ میں کہیں رات کے دس بج رہے اور کہیں بارہ بج رہے ہیں تو ساری عبادات ایک وقت میں کیسے ہوسکتی ہیں؟ قدرت کا تو نظام ہی ایسا ہے کہ ہر لمحے دنیا میں کہیں نہ کہیں اذان بلند ہوتی رہتی ہے۔ کوئی لمحہ ایسا نہیں ہے کہ اذان کی صدا بلند نہ ہو رہی ہو تو سب جگہ ایک وقت پر عید کیسے ممکن ہے۔

ہمارے ہاں سیاست نے دخل دے رکھا ہے۔ آج سرحد میں عید ہے اور بہت سارے لوگوں نے روزہ بھی رکھا ہوا ہے۔ سرکاری طور پر آج عید کا اعلان بھی ہوگیا ہے اس اعلان میں علماء کرام مفتیان کرام کو شامل کیا گیا گواہوں نے ان کے سامنے آکر چاند دیکھنے کی شہادتیں دیں اور یہ امکان بھی ہے کہ سرحد کے شمالی پہاڑی علاقے طول بلد میں آتے ہیں جس میں مڈل ایسٹ آتا ہے اس طول بلد میں جتنے علاقے آئیں گے ان میں چاند نظر آئے گا اور مڈل ایسٹ کے ساتھ آئے گا لیکن اس کا اطلاق اسی طول بلد پر ہوگا اس سے باہر نہیں ہوگا۔

